ABC CERTIFEID
وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول وکثیر الاشاعت قومی اخبار

Daily
SHEHAR NAMA
Islamabad

روزنامہ
شہرنامہ
اسلام آباد

ایڈیٹر
راجہ جاوید اختر

جوائنٹ ایڈیٹر
اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر 07 | بدھ 21 اکتوبر 2026ء 10 جمادی الاول 1448ھ صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 47
فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com

35 ارب روپے کا اسکینڈل، ڈیجیٹل فراڈیہ گرفتار

ملزم فہیم اکرم 2023 سے جعلی ویب سائٹ کے ذریعے جعلی امریکی ٹکٹ آن لائن فروخت کررہا تھا، 50 لاکھ سے زائد جعلی ڈاک ٹکٹ فروخت کرنے کا انکشاف

ملزم ہر پارسل کا ٹکٹ صرف 2 ڈالر میں فروخت کرتا تھا چاہے پارسل کا وزن اور سائز کچھ بھی ہو، امریکی محکمہ ڈاک کو 12 کروڑ 60 لاکھ ڈالر سے زائد کا نقصان ہوا

ملزم کی گرفتاری کے لیے 10 روز تک خصوصی لوکیٹر آپریشن جاری رہا، 47 افراد سے پوچھ گچھ کی گئی اور 122 کال ریکارڈز کا تجزیہ کیا گیا

فلوریڈا کی عدالت نے خانیوال کے 33 سالہ فہیم اکرم پر امریکی ادارے کے ساتھ 126 ملین ڈالر کا فراڈ کرنے کے الزام میں فرد جرم عائد کی تھی

سائبر جرائم اور ڈیجیٹل فراڈ میں ملوث عناصر کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل جاری ہے، ڈائریکٹر جنرل این سی سی آئی اے سید علی ناصر رضوی

اسلام آباد (شہرنامہ رپورٹ) این سی سی آئی اے نے لاہور میں بڑی کارروائی کرتے ہوئے 35 ارب روپے مالیت کے جعلی امریکی ٹکٹ آن لائن فروخت کرنے والے ملزم کو گرفتار کرلیا ملزم پر اس کی عدم موجودگی میں کچھ دن قبل فلوریڈا کی عدالت نے فرد جرم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

ویزہ فراڈ: لائبہ کا ملزم انجام کو پہنچا، ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک

پولیس ٹیم نشان دہی پر برآمدگی کیلئے کرجارہی تھی، 4 ساتھی ملزمان نے فائر کھول دیا، ملزم زخمی ہوا اور دوران ہسپتال منتقلی ہلاک ہوگیا

پولیس ٹیم بلٹ پروف جیکٹس اور حفاظتی اقدامات کے باعث محفوظ رہی، ملزم کے ساتھیوں کی گرفتاری کیلئے سرچ آپریشنز جاری، پولیس حکام

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) اسلام آباد میں انٹرنیشنل اسلامی یونیورسٹی کی طالبہ لائبہ کے ساتھ امریکا کے ویزے کے حوالے سے فراڈ کرنے والا ملزم نعمان مبینہ طور پر اپنے ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہوگیا۔ پولیس کے ترجمان کے مطابق وفاقی پولیس نے ملزم نعمان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

باکو، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار تاجکستان کے صدر سے مصافحہ کررہے ہیں

آئینی عدالت: کے پی میں گورنرراج اور ایمرجنسی کیخلاف درخواست دائر

اسلام آباد(نیوز ایجنسیاں) وفاقی آئینی عدالت میں خیبر پختونخوا میں گورنرراج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے خلاف آئینی درخواست دائر کردی گئی۔ محمد یوسف جاوید ایڈووکیٹ نے وفاقی آئینی عدالت میں درخواست دائر کی جس میں 11 اکتوبر 2026 کے ہنگامی حالت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

کے پی دہشتگردی کے پیچھے سابقہ حکومت کا بیانیہ تھا، آفتاب شیر پاؤ

ایمرجنسی کا نفاذ ایک ناگزیر مجبوری بن چکا تھا، سابق وزیراعلیٰ و وزیر داخلہ

مانسہرہ(نیوز رپورٹ) قومی وطن پارٹی کے سربراہ و سابق وزیراعلیٰ خیبر پختون خوا اور سابق وفاقی وزیر داخلہ آفتاب احمد خان شیر پاؤ نے کہا ہے کہ خیبر پختون خوا میں گزشتہ کئی سال کے دوران دہشت گردی کے واقعات میں تشویشناک اضافہ ہوا ہے جس کے پیچھے KPK کی سابقہ حکومت کا غلط بیانیہ تھا دورہ ایبٹ آباد کے دوران پرنٹ و الیکٹرانک میڈیا کے علاوہ سوشل میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے آفتاب خان شیر پاؤ نے انکشاف کیا کہ سیکورٹی اور سیاسی مسائل کے حل کے لیے مذاکرات کو کامیاب بنانے کی بھرپور کوشش کی گئی تاہم وزیراعلیٰ خیبر پختون (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال ملاقات کررہے ہیں

سابق ارکانِ پارلیمنٹ کی کرسی ختم، سہولت تاحیات
سرکاری پاسپورٹ کا بل منظور

تاحیات سرکاری بلیو پاسپورٹ برقرار رکھنے اور استعمال کرنے کا حق دینے کی راہ ہموار، حلف اٹھانے کے بعد مدت مکمل ہونے سے پہلے بھی رکن پارلیمنٹ سہولت کا اہل ہو سکے گا

بلیو پاسپورٹ کی تجدید کے لیے مختصر میعاد کی شرط سے مشکلات پیدا ہوتی ہیں، میعاد اور تجدید کے لیے متعلقہ قواعد وضوابط اہم رہیں گے، ارکان کا موقف

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر) پاکستان کے ایوانِ بالا، سینیٹ نے پاسپورٹ ایکٹ 1974 میں ترمیم کا بل اتفاقِ رائے سے منظور کرلیا ہے، جس کے تحت قومی اسمبلی اور سینیٹ کے سابق ارکان کو عہدہ چھوڑنے کے بعد بھی تاحیات سرکاری بلیو پاسپورٹ برقرار رکھنے اور استعمال کرنے کا حق دینے کی راہ ہموار ہوگئی ہے۔ اس ترمیم کی خاص بات یہ ہے کہ اب رکنِ پارلیمنٹ کے لیے اپنی 5 سالہ یا 6 سالہ آئینی مدت مکمل کرنا ضروری نہیں رہے گا، بلکہ متعلقہ ایوان کی رکنیت کا حلف اٹھانے کے بعد مدت مکمل ہونے سے پہلے رکنیت ختم ہونے کی صورت میں بھی وہ اس سہولت کا اہل ہوسکے گا۔ تاہم، سینیٹ سے منظوری کے بعد اس بل کی قانون سازی کا عمل ابھی مکمل نہیں ہوا۔ اگلے مرحلے میں بل قومی اسمبلی میں منظوری کے لیے پیش کیا جائے گا، جس کے بعد اسے توثیق کے لیے صدر مملکت کو بھیجا جائے گا۔ صدرِ مملکت کی توثیق کے بعد ہی یہ قانون کی حیثیت اختیار کرے گا۔ اس لیے فی الحال اسے نافذ شدہ قانون کے بجائے منظور شدہ ترمیمی بل قرار دینا درست ہوگا۔ پاکستان میں عام شہریوں کو عموماً سبز رنگ کا عام پاسپورٹ جاری کیا جاتا ہے، جبکہ بلیو پاسپورٹ سرکاری یا آفیشل پاسپورٹ کہلاتا ہے۔ یہ مخصوص سرکاری عہدیداروں، سینیٹرز، قومی اسمبلی کے ارکان اور قواعد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

سہیل آفریدی مذاکرات کے ڈرافٹ کی منظوری افغانستان سے لے رہے تھے: طارق فضل

محمود اچکزئی کے حوالے سے خبریں میڈیا پر آئیں، انہوں نے کہا عمران سے ملاقات کے بغیر ایک قدم آگے نہیں بڑھا جاسکتا

خیبر پختونخوا میں وسائل سے زیادہ مسائل، دہشتگردی کے خلاف متحد ہونا پڑے گا وفاقی وزیر پارلیمانی امور کی پریس کانفرنس

اسلام آباد(نیوز ایجنسیاں) وفاقی وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے کہاہیکہ سابق وزیراعلیٰ سہیل آفریدی مذاکرات کے ڈرافٹ کی منظوری افغانستان سے لے رہے تھے۔ ایک ٹی وی چینل سے گفتگو کرتے ہوئے طارق فضل چوہدری نے کہا کہ وزیراعظم کی ہدایت پر مذاکرات شروع ہوئے، ہمیں کافی امید تھی کہ مذاکرات نتیجہ خیز ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ مذاکرات کے دوران جو چوتھا ڈرافٹ تیار ہوا اس کی منظوری وزیراعلیٰ کے پی سیلینا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

اسپیکر و ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی پارلیمنٹ لاجز کے اضافی فیملی سوئٹس منصوبے کا دورہ کررہے ہیں

پنجاب خواتین کیلئے محفوظ صوبہ بن چکا ہے، مریم نواز

طالبات کو خودمختار بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ حکومتی اقدامات کے باعث پنجاب خواتین کیلئے محفوظ صوبہ بن چکا ہے۔ صوبائی دارالحکومت میں کنیئرڈ کالج کے 89ویں کانووکیشن سے خطاب کرتے ہوئے مریم نواز کا کہنا تھا کہ انہیں پنجاب کی پہلی خاتون وزیراعلیٰ بننے کا اعزاز حاصل ہے اور وہ چاہتی ہیں کہ دیگر خواتین بھی بااختیار بنیں۔ اُنہوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

آئین اور بااعتماد انتخابات کے بغیر ملک آگے نہیں بڑھ سکتا: لیاقت بلوچ

شاہد خاقان، اسد عمر اور سرفراز بگٹی سے ملاقاتیں، کے پی میں صورتحال بارے گفتگو

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر) نائب امیر جماعتِ اسلامی، قائمہ کمیٹی سیاسی اُمور کے صدر لیاقت بلوچ کی اسلام اباد میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی، سابق وفاقی وزراء اسد عمر، فواد چوہدری، دانیال عزیز، ندیم افضل چن، خرم دستگیر اور دیگر رہنماؤں سے ملاقات ہوئی، ہے ملاقاتوں میں ملکی حالات اور خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر

KPK حکومت کا باب بند ہو چکا، اب کوئی مذاکرات نہیں ہوں گے: عطا تارڑ

صوبے میں ایمرجنسی کا نفاذ آئین کے مطابق کیا گیا، جبکہ دہشتگردی میں اضافے کے باعث اقدام کا ٹھوس جواز موجود تھا

سہیل آفریدی خیبر پختونخوا میں ہی پولیس کی تحویل میں موجود ہیں، کوئی نیا مقدمہ درج نہیں کیا گیا، نجی ٹی وی سے گفتگو

اسلام آباد(صباح نیوز) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاءاللہ تارڑ نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا کی سابق صوبائی حکومت سے متعلق اب کوئی مذاکرات نہیں ہوں گے، اس حکومت کا باب بند ہوچکا ہے اور ٹرین اسٹیشن چھوڑ چکی ہے۔ صوبے میں ایمرجنسی کا نفاذ آئین کے مطابق کیا گیا، جبکہ دہشتگردی میں اضافے کے باعث اس اقدام کا ٹھوس جواز موجود تھا۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات عطاءاللہ تارڑ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

آئینی عدالت: کے پی میں گورنرراج اور ایمرجنسی کیخلاف درخواست دائر

آئین کے آرٹیکل 232 اور 234 کے تحت جاری نوٹیفکیشن کو چیلنج کیا گیا

اسلام آباد(نیوز ایجنسیاں) وفاقی آئینی عدالت میں خیبر پختونخوا میں گورنرراج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے خلاف آئینی درخواست دائر کر دی گئی۔ محمد یوسف جاوید ایڈووکیٹ نے وفاقی آئینی عدالت میں درخواست دائر کی جس میں 11 اکتوبر 2026 کے ہنگامی حالت کے نوٹیفکیشن کو غیر قانونی، بدنیتی پر مبنی اور غیر آئینی قرار دینے کی استدعا کی گئی ہے۔ درخواست میں آئین کے آرٹیکل 232 اور 234 کے تحت جاری نوٹیفکیشن کو چیلنج کیا گیا ہے۔ درخواست میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اہم دورے پر تہران پہنچ گئے

دورے کا پہلو ایران امریکا کشیدگی کے خاتمے کیلئے پاکستان کا کلیدی کردار ہے

تہران(نیوز ایجنسیاں) پاکستان کے چیف آف ڈیفنس فورسز اور چیف آف آرمی اسٹاف فیلڈ مارشل عاصم منیر تہران دورے پر پہنچے ہیں۔ ایرانی حکام کے مطابق ان کے دورے کا تعلق ایران اور امریکا کے درمیان مذاکرات سے بھی ہے تاہم اس کا بنیادی مقصد پاکستان اور ایران کے دوطرفہ تعلقات کو مضبوط بنانا اور تعاون میں اضافہ کرنا ہے۔ ایرانی وزارت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

ای پاسپورٹس کے لازمی اجرا کی تاریخ میں 23 اکتوبر تک توسیع

اسلام آباد (صباح نیوز) ڈائریکٹوریٹ جنرل آف امیگریشن اینڈ پاسپورٹس نے ملک بھر میں مشین ریڈ ایبل پاسپورٹس (ایم آر پی) کے اجرا کو ختم کر کے جدید ای پاسپورٹ سسٹم کے لازمی نفاذ کی تاریخ میں توسیع کردی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

ٹیکسلا، وفاقی وزیر چوہدری سالک لیبر کمپلیکس فیز II کے سنگ بنیاد کا افتتاح کررہے ہیں

محنت کش خوشحال ہوگا تو پاکستان خوشحال ہوگا، چوہدری سالک

وفاقی وزیر کا لیبر کمپلیکس فیز ٹو ٹیکسلا کی تقریبِ سنگِ بنیاد سے خطاب

منصوبہ 110 کروڑ 60 لاکھ روپے کی لاگت سے 24 ماہ سے پہلے مکمل ہوگا

ٹیکسلا (نمائندہ شہرنامہ) وفاقی وزیر برائے اوورسیز پاکستانیز و انسانی وسائل کی ترقی چوہدری سالک حسین نے کہا ہے کہ محنت کشوں کی فلاح و بہبود، ان کے حقوق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

آبنائے ہرمز میں 2 ٹینکر بحری بارودی سرنگوں سے ٹکرا گئے، پاسداران انقلاب

تہران (نیوز ایجنسیاں) ایرانی پاسدارانِ انقلاب کی جانب سے کہا گیا ہے کہ آبنائے ہرمز میں 2 ٹینکر بحری بارودی سرنگوں سے ٹکرا گئے۔ ایرانی پاسدارانِ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

اسپیکر و ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی کا پارلیمنٹ لاجز اضافی فیملی سوئٹس منصوبے کا دورہ

جاری فنشنگ، فرنیچر کی تنصیب اور تزئین و آرائش کے کام کا جائزہ لیا

اسلام آباد(نمائندہ شہرنامہ) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی سید غلام مصطفیٰ شاہ کے ہمراہ پارلیمنٹ لاجز سے ملحقہ 104 اضافی فیملی سوئٹس کے منصوبے کا دورہ کیا اور وہاں جاری فنشنگ، فرنیچر کی تنصیب اور تزئین و آرائش کے کام کا جائزہ لیا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

احسن اقبال کا پارلیمنٹ میں کھلے عام سگریٹ نوشی پر اعتراض

اسلام آباد(نیوز ایجنسیاں) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے پارلیمنٹ کی عمارت میں سگریٹ نوشی پر اعتراض اٹھادیا۔ قومی اسمبلی میں احسن اقبال نے کہا کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

بجلی ٹیرف 27.30 روپے فی یونٹ کرنے کی تجویز

پرچیزنگ ایجنسی نے 2027 کیلئے بجلی خریداری کی درخواست جمع کرادی

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) ملک میں یکم جنوری 2027 سے بجلی کا نیا ٹیرف 27.30 روپے فی یونٹ ہونے کا امکان ہے۔ سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی (سی پی پی اے) نے سال 2027 کیلئے بجلی کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

ریاض کی جانب حوثیوں کا میزائل سعودیہ کا فضا میں تباہ کرنے کا دعویٰ

ریاض (صباح نیوز) سعودی عرب نے کہا ہے کہ اس کے فضائی دفاعی نظام نے یمن کی حوثی تحریک کی جانب سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

راولپنڈی میں میچ کے دوران پاکستانی کھلاڑی انگلینڈ کے بلے باز کو آؤٹ کر کے خوشی منا رہے ہیں

پاکستان نے انگلینڈ کو 87 رنز سے شکست دیکر فائنل کی راہ ہموار کرلی

عرفات منہاس کی آل راؤنڈ کارکردگی 58 رنز کے بعد 6 وکٹیں لیکر مین آف دی میچ قرار

راولپنڈی (پی پی اے) سہ ملکی ون ڈے سیریز 2026 کے دوسرے میچ میں پاکستان نے انگلینڈ کو 87 رنز سے شکست دے کر فائنل میں رسائی کے امکانات مزید روشن کر لیے راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلے گئے ڈے اینڈ نائٹ مقابلے میں پاکستان نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 50 اوورز میں 9 وکٹوں کے نقصان پر 302 رنز بنائے جواب میں انگلینڈ کی ٹیم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

اسحاق ڈار کی تاجک وزیراعظم کے عشائیے میں شرکت

روس، قازقستان، ازبکستان اور بیلاروس کی قیادت سے ملاقاتیں

دوشنبے (صباح نیوز) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے دورہ دوشنبے کے دوران تاجکستان کے وزیراعظم قاہر رسول زادہ کی جانب سے دیے گئے عشائیے میں شرکت کی۔ تاجکستان کے وزیراعظم نے شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے سربراہانِ حکومت کی کونسل کے اجلاس میں شرکت کرنے والے وفود کے اعزاز میں عشائیے کا اہتمام کیا، جس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

سندھ ہائی کورٹ، را کے مبینہ ایجنٹ کی سزا کیخلاف اپیل پر فیصلہ محفوظ

کراچی (نیوز ایجنسیاں) سندھ ہائی کورٹ نے را کے مبینہ ایجنٹ کی سزا کے خلاف اپیل پر فیصلہ محفوظ کر لیا۔ عدالت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

شنگھائی تعاون تنظیم پائیدار اقتصادی نمو میں قائدانہ کردار ادا کر سکتی ہے: اسحاق ڈار

زراعت، کان کنی، معدنیات اور آئی ٹی کے شعبوں میں سرمایہ کاری بڑھانے کے حامی ہیں، نائب وزیراعظم

سی پیک ایس سی او شراکت داروں کو معاشی انضمام کے مشترکہ سفر میں تیزی لانے کے مواقع فراہم کرتا ہے، خطاب

دوشنبے (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ شنگھائی تعاون تنظیم ڈیجیٹل تبدیلی اور پائیدار اقتصادی نمو میں قائدانہ کردار ادا کرسکتی ہے، زراعت، کان کنی، معدنیات اور آئی ٹی کے شعبوں میں سرمایہ کاری بڑھانے کے حامی ہیں۔ شنگھائی تعاون تنظیم کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا کہ سی پیک ایس سی او شراکت داروں کو معاشی انضمام کے مشترکہ سفر میں تیزی لانے کے مواقع فراہم کرتا ہے، توانائی میں تعاون اور عالمی معلوماتی سلامتی کو ایس سی او کا اہم حصہ بننا چاہیے۔ نائب وزیراعظم نے بتایا کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

عالمی فوجداری عدالت انسانی حقوق ایوارڈ کے لیے نامزد

نیو یارک (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی پابندیوں کا سامنا کرنے والی عالمی فوجداری عدالت یعنی آئی سی سی کو پیر کے روز یورپی یونین کے اعلیٰ ترین انسانی حقوق ایوارڈ، سخاروف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

سوڈان کے متنازع علاقے میں ڈرون حملہ، 73 افراد ہلاک

ابیی (صباح نیوز) سوڈان اور جنوبی سوڈان کی سرحد پر واقع متنازع اور تیل سے مالا مال علاقے ابیی میں ڈرون حملے کے نتیجے میں کم از کم 73 افراد ہلاک اور 19 زخمی ہوگئے۔ جنوبی سوڈان کی وزارت خارجہ نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

پشاور، گورنر کے پی فیصل کریم کنڈی المرکز اسلامی میں پروفیسر ابراہیم خان سے ملاقات کررہے ہیں

گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کا المرکز الاسلامی پشاور کا دورہ

پروفیسر ابراہیم خان نے گورنر خیبر پختونخوا کو جماعت اسلامی کے موقف سے آگاہ کیا

پشاور (بیورو رپورٹ) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے جماعت اسلامی خیبر پختونخوا کے صوبائی ہیڈ کوارٹر المرکز الاسلامی پشاور کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے جماعت اسلامی خیبر پختونخوا کی صوبائی قیادت سے ملاقات کی۔ ملاقات میں صوبے کی موجودہ سیاسی، امن و امان اور دہشت گردی کی صورت حال پر تفصیلی بات چیت ہوئی۔ اس موقع پر نائب امیر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

ٹیکس نیٹ کا دائرہ کار بڑھانا ناگزیر ہے: وزیر خزانہ

پائیدار معاشی ترقی کا حصول ترجیح ہے، وزارت خزانہ کی ورکشاپ سے خطاب

اسلام آباد(نیوز ایجنسیاں) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ ٹیکس نیٹ کے دائرہ کار کو بڑھانا ناگزیر ہے، پائیدار معاشی ترقی کا حصول حکومتی ترجیح ہے۔ وزارت خزانہ کے زیر اہتمام ٹیکس نظام میں اصلاحات سے متعلق ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کا کہنا تھا کہ ٹیکس نظام میں بہتری کیلئے اصلاحات کا سلسلہ جاری ہے، ٹیکس کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

پاکستان کی بری فوج میں
شامل ہو کر ملک و قوم کی خدمت کا مقدس
فریضہ سرانجام دیں

پاک فوج میں جونیئر کمیشنڈ آفیسر (نائب خطیب)
اور سپاہی کی بھرتی

01 ستمبر سے 23 نومبر 2026 تک رجسٹریشن اور بھرتی کی جائے گی

اہلیت/ضرورت:-
پاکستان، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کے شادی شدہ/غیر شادی شدہ مرد شہری۔
ضرورت جونیئر کمیشنڈ آفیسر (نائب خطیب)، سپاہی جنرل ڈیوٹی ٹریڈ، سپاہی ٹیکنیکل ٹریڈ، سپاہی ملٹری پولیس ٹریڈ، سپاہی ڈرائیور، سپاہی کلرک، سپاہی کک، سینٹری ورکر تمام ملازمتیں Pensionable پنشن ایبل ہیں۔

عمر:-
جونیئر کمیشنڈ آفیسر (نائب خطیب): 24 نومبر 2026 کو 20 سال سے 28 سال، وہ امیدوار جو پہلے سے فوج میں سروس کر رہے ہیں ان کے لئے عمر کی حد 22 سے 35 سال اور سروس 1 سال سے 16 سال ہے۔
سپاہی ٹریڈ کے لئے: 24 نومبر 2026 کو ساڑھے 17 سال سے 23 سال۔
سینٹری ورکر: 24 نومبر 2026 کو ساڑھے 17 سال سے 35 سال۔
سپاہی ٹریڈز کے لئے عمر کی بالائی حد میں مندرجہ ذیل رعایات ہیں:
- گریجویٹ یا اس سے زیادہ تعلیم یافتہ امیدواران کے لئے عمر کی بالائی حد میں ایک سال تک کی رعایت ہے۔
- شہداء + جنگ کے دوران زخمی ہونے والوں کے لواحقین اور ڈرائیونگ لائسنس رکھنے والے امیدواران کے لئے عمر کی بالائی حد میں دو سال تک کی رعایت ہے (ایسے افراد کو بھرتی کے لئے ترجیح دی جائے گی)۔
- بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے صرف ضم شدہ اضلاع کے ڈومیسائل حامل امیدواران کے لئے عمر میں تین سال تک کی رعایت ہے۔

قد:-
- جونیئر کمیشنڈ آفیسر (نائب خطیب) — کم از کم 5 فٹ 3 انچ (160cm)
- سپاہی جنرل ڈیوٹی/ سپاہی ڈرائیور/ سپاہی ٹیکنیکل — کم از کم 5 فٹ 6 انچ (167.5 cm)
- سپاہی ملٹری پولیس — کم از کم 5 فٹ 8 انچ (173cm)
- سپاہی کلرک/ کک/ سینٹری ورکر: — کم از کم 5 فٹ 3 انچ (160cm)
سپاہی ٹریڈز کے لئے بلوچستان، خیبر پختونخوا کے صرف ضم شدہ اضلاع اور گلگت بلتستان کے ڈومیسائل حامل امیدواران کے لئے قد میں دو انچ کی رعایت ہے (ماسوائے سپاہی کلرک، سپاہی ملٹری پولیس، کک/ سینٹری ورکر)۔

تعلیمی قابلیت:-
جونیئر کمیشنڈ آفیسر (نائب خطیب): دینی مدرسہ سے درس نظامی جو کہ ہائیر ایجوکیشن کمیشن سے تصدیق شدہ ہو۔ کم از کم ایف اے/ ایف ایس سی یا مساوی۔ عربی بول چال میں مہارت، قرأت اور حفظ اضافی قابلیت تصور کی جائے گی۔
سپاہی جنرل ڈیوٹی/ سپاہی ڈرائیور/ سپاہی ملٹری پولیس: کم از کم میٹرک پاس یا اس سے زیادہ۔ بلوچستان/ خیبر پختونخواہ کے ضم شدہ اضلاع اور شہداء کے بچوں کے لئے کم از کم مڈل (ماسوائے ملٹری پولیس)۔
سپاہی ٹیکنیکل ٹریڈ: کم از کم میٹرک سائنس (بی گریڈ) اعلیٰ تعلیم یافتہ افراد کو ترجیح دی جائے گی۔

سپاہی کلرک: کم از کم انٹرمیڈیٹ (سی گریڈ)۔ بلوچستان، خیبر پختونخوا کے صرف ضم شدہ اضلاع اور گلگت بلتستان سے تعلق رکھنے والے امیدواروں کے لئے کم از کم انٹرمیڈیٹ (ڈی گریڈ) کمپیوٹر ڈپلومہ رکھنے والے اور اعلیٰ تعلیم یافتہ افراد کو ترجیح دی جائے گی۔
سپاہی کک: کم از کم مڈل، کوکنگ کا تجربہ رکھنے والے امیدواران کو ترجیح دی جائے گی۔
سینٹری ورکر: ناخواندہ (زیادہ سے زیادہ تعلیم پرائمری)۔

اقلیتوں کا کوٹہ:-
- اقلیتوں کے لئے مخصوص کوٹہ مختص ہے۔

مطلوبہ دستاویزات:-
- اصل اسناد بمعہ دو عدد تصدیق شدہ فوٹو کاپیاں۔
- چار عدد پاسپورٹ سائز تصاویر
- کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ
- ڈومیسائل اور باشندہ ریاست سرٹیفکیٹ (آزاد کشمیر کے امیدواروں کے لئے)
نیز رعایت کے حامل امیدواروں کے لئے متعلقہ کاغذات کا ساتھ ہونا ضروری ہے۔

انتخابی طریقہ کار:-
- جونیئر کمیشنڈ آفیسر (نائب خطیب) کے لئے امیدوار اپنی درخواستیں مجوزہ فارم پر آرمی سلیکشن اور ریکروٹمنٹ سنٹرز (گلگت، پشاور، ڈی آئی خان، مظفر آباد اور راولپنڈی، لاہور، فیصل آباد، ملتان، کوئٹہ، خضدار اور تربت، پنوں عاقل، حیدرآباد اور کراچی) سے 01 ستمبر سے 23 نومبر 2026 کے دوران حاصل کر سکتے ہیں۔
- امیدواران 1 ستمبر سے 16 نومبر 2026 تک اپنی رجسٹریشن www.joinpakarmy.gov.pk پر کرا سکتے ہیں۔ تاہم انٹرنیٹ (آن لائن) رجسٹریشن ضروری نہیں ہے۔ امیدواران 01 ستمبر سے 23 نومبر 2026 تک قریبی آرمی سلیکشن اور ریکروٹمنٹ آفس اور رجمنٹل سنٹر پر جا کر بھی رجسٹریشن کرا سکتے ہیں۔ رجسٹریشن کے بعد امیدواروں کو مختلف امتحانی مراحل سے گزارا جائے گا۔

مزید تفصیلات/ دوران ملازمت مراعات/ انتخابی طریقہ کار کے متعلق جاننے کے لئے قریبی آرمی سلیکشن اور ریکروٹمنٹ آفس یا رجمنٹل سنٹر سے رابطہ کریں یا ہماری ویب سائٹ وزٹ کریں

www.joinpakarmy.gov.pk

روزنامہ
شہرنامہ
اسلام آباد
Daily
SHEHAR
NAMA
Islamabad

ایڈیٹوریل

فون: 0333-5196088
0344-5335568
Email:sheharnama@gmail.com

پبلشر عائشہ تنویر نے روحانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد
آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

معدنی ٹھیکوں کی تحقیقات کا اعلان!

وفاقی حکومت نے خیبر پختونخوا (کے پی) میں پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) دور میں جاری کیے گئے معدنیات کے ہزاروں لائسنسوں کی شفاف تحقیقات کا اعلان کیا ہے۔ اسلام آباد میں صحافیوں سے گفتگو میں وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری کا کہنا تھا کہ صوبائی معدنیات خیبر پختونخوا کے عوام کے تھے، ہیں اور رہیں گے لیکن بعض سیاستدانوں کا کے پی ایمرجنسی کو معدنیات سے جوڑنا قابلِ مذمت ہے۔ مولانا فضل الرحمان خیبر پختونخوا کے حالات کو جانتے ہیں، انہیں نہ صرف دہشت گردی کے حوالے سے موقف واضح کرنا چاہیے بلکہ اِس کے خلاف جنگ میں ساتھ بھی دینا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ کے پی میں ایمرجنسی کے نفاذ کا مقصد دہشت گردی کا خاتمہ تھا، صوبے میں تعمیر و ترقی کا جامع اور مربوط پروگرام ترتیب دیا جا چکا ہے، پہلے مرحلے میں شدید متاثرہ 12 اضلاع سے دہشت گردی کا مکمل خاتمہ کیا جائے گا، اِس دوران اِن اضلاع سے مقامی افراد کی کسی بھی قسم کی نقل مکانی نہیں ہوگی۔ وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور نے مزید کہا کہ انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن پہلے بھی جاری تھے، اب مزید تیزی آ رہی ہے، اِن اضلاع میں صوبائی حکومت کی مکمل عملداری قائم کی جائے گی، پورے صوبے میں تعمیر و ترقی کے نئے سنہری دور کا آغاز ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ دہشت گردی پر قابو پانے کی کوششوں کو سبوتاژ نہ کیا جائے، کے پی حکومت نے کرپشن اور جیبیں بھرنے کے سوا کچھ نہیں کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ محمود خان اچکزئی کو عمران خان نے اپوزیشن لیڈر بنایا لیکن خود اپوزیشن کی اکثریت چاہتی ہے کہ وہ حزب اختلاف کے لیڈر نہ رہیں، جے یو آئی بھی محمود اچکزئی کی جیت کو فارم 47 کی فتح قرار دے چکی، انہیں اِس حوالے سے پارلیمنٹ میں وضاحت دینی چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اپوزیشن کے لیے حکومت کی طرف سے مذاکرات کے دروازے کھلے ہیں، اپوزیشن بامعنی اور بامقصد گفتگو کرنا چاہے تو خوش آمدید کہا جائے گا۔

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کے بعد صوبے کے معدنی وسائل اور اُنہیں نکالنے کے لیے دیے جانے والے ہزاروں ٹھیکے گذشتہ کئی دنوں سے زیرِ بحث ہیں۔ یاد رہے کہ وفاقی حکومت نے 11 اکتوبر کو کے پی میں گورنر راج اور ایمرجنسی نافذ کر کے وزیرِ اعلیٰ سہیل آفریدی کی حکومت اور صوبائی اسمبلی کو غیر فعال کر دیا تھا، صوبے بھر میں گورنر راج کے ساتھ ایمرجنسی نافذ کی گئی، گورنر صاحب کے ماتحت مشاورتی کونسل قائم کی گئی جبکہ 12 اضلاع کے لیے ایک خصوصی سیکرٹریٹ قائم کر کے اِسے اپنے ماتحت رکھا۔ معدنی وسائل کے حوالے سے بحث اس وقت شروع ہوئی جب 16 اکتوبر کو ملتان میں ایک جلسے سے خطاب کرتے ہوئے جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے الزام لگایا کہ معدنی وسائل سے مالامال سابقہ قبائلی اضلاع میں گورنر راج نہیں بلکہ ایمرجنسی لگائی گئی ہے جو دراصل قوم کو دھوکہ دینے کے مترادف ہے، پہلے 2018ء میں سابق قبائلی اضلاع کو خیبر پختونخوا میں ضم کر کے پہاڑوں کے نیچے دبے معدنی ذخائر صوبے کی ملکیت بنا دیے گئے اور اب کیا وجہ ہے کہ پورے صوبے میں گورنر راج نہیں لگایا جا رہا۔ اِسی طرح کی گفتگو عوامی نیشنل پارٹی کے صدر ایمل ولی خان نے بھی ایک بیان میں کی کہ سات ہزار ارب روپے کے معدنی وسائل والے 12 اضلاع میں ایمرجنسی لگا کر کام شروع کر دیا گیا ہے۔ سوشل میڈیا پر بھی ایک مہم شروع کر دی گئی کہ 12 اضلاع کے ساتھ امتیازی سلوک دراصل ان معدنیات پر قبضے کی کوشش ہے۔ وزیر دفاع خواجہ آصف نے اِس دعوے کو رد کرتے ہوئے کہا کہ پی ٹی آئی کی صوبائی حکومت کے دور میں خیبر پختونخوا میں معدنیات نکالنے کے لائسنس تیزی سے بڑھے، عسکری اداروں کا اِس شعبے میں حصہ نہ ہونے کے برابر تھا۔ اس وقت 500 سے زائد نئی درخواستیں زیرِ غور ہیں جن میں سے کوئی ایک بھی کسی عسکری ادارے کی طرف سے دائر نہیں کی گئی۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان کی آزادی سے لے کر 2010ء تک پورے کے پی میں صرف 482 مائننگ لائسنس جاری ہوئے لیکن پی ٹی آئی کی مسلسل صوبائی حکومتوں کے دوران یہ تعداد 2020ء تک ایک ہزار 762، فروری 2024ء تک تین ہزار 962 اور اب چار ہزار 917 تک پہنچ چکی تھی، یہ لائسنس وفاق نے نہیں بلکہ خود پی ٹی آئی حکومت نے دیے۔ مذکورہ لائسنسوں میں سے چار ہزار 133 آباد اضلاع جبکہ 784 ضم شدہ اضلاع میں ہیں، ایف ڈبلیو او کے پاس صرف ایک لائسنس ہے جو 2015ء میں شمالی وزیرستان کے علاقے بویا میں دیا گیا تھا۔ آڈیٹر جنرل آف پاکستان کی ایک آڈٹ رپورٹ کے مطابق سابقہ پی ٹی آئی حکومت کے ماتحت چلنے والے کے پی کے منرل ڈیپارٹمنٹ میں اربوں روپے کی مالی بے ضابطگیاں پائی گئیں جبکہ غیر قانونی کان کنی کی وجہ سے صوبائی خزانے کو آٹھ ارب روپے کا براہِ راست نقصان پہنچا۔ پی ٹی آئی کی سابق صوبائی حکومت نادہندہ ٹھیکیداروں سے 31.4 ارب روپے اور لیز ہولڈرز سے 81 کروڑ روپے کے واجبات وصول کرنے میں بھی ناکام رہی۔ اِس کے مسائل حل کرنے کے لیے مقامی مشران اور ملک صاحبان کی مشاورت سے ہر ضلع سے دو عمائدین چننے اور اِن 24 ارکان پر مشتمل علاقائی ترقی کونسل تشکیل دی جا رہی ہے۔

افسوسناک بات یہ ہے کہ یہاں سوشل میڈیا پر جھوٹ پھیلا کر لوگوں کو گمراہ کرنے کی روایت بہت عام ہو گئی ہے، جس کا دل کرتا ہے وہ کسی پر بھی انگلی اٹھانا شروع کر دیتا ہے، اداروں کی ساکھ کو نقصان پہنچایا جاتا ہے۔ عین ممکن ہے کہ یہ خبریں ان کی طرف سے پھیلائی جا رہی ہوں جنہیں کوئی ڈر ہو یا پھر وہ لائسنس کے معاہدوں پر پورا نہ اترتے ہوں۔ بعض رپورٹس میں کہا گیا ہے کہ صوبائی حکومت نے اب تک واجب الادا اربوں روپے ٹھیکیداروں سے واپس نہیں لیے اور اب جب تحقیقات ہوں گی تو واضح ہو جائے گا کہ درحقیقت کس نے فائدہ اٹھایا۔ پی ٹی آئی کے متعلقہ سابق صوبائی وزیر کے مطابق لائسنسوں کی تعداد میں اضافہ صوبے کی آمدن بڑھانے کے لیے کیا جاتا رہا۔ ملک کے ہر صوبے میں معدنی ذخائر موجود ہیں۔ سندھ میں تھر کول فیلڈ کے تحت 175 ارب ٹن کوئلے کے ذخائر موجود ہیں جو ملک کی بجلی کی بڑی ضرورت کو پوری کرتے ہیں۔ پنجاب میں دنیا کی دوسری بڑی کھیوڑا نمک کی کان، چنیوٹ میں لوہے کے وسیع ذخائر جبکہ پوٹھوہار میں تیل اور گیس موجود ہیں جو ملکی سیمنٹ اور تعمیراتی صنعت کو چلاتے ہیں۔ بلوچستان اور گلگت بلتستان میں بھی بے شمار معدنی ذخائر پائے جاتے ہیں لیکن کسی دوسرے صوبے میں ایسی بحث کبھی سامنے نہیں آئی۔ کے پی کے معدنی ذخائر پر صوبے کے عوام کا مکمل حق ہے، حکومت کو چاہیے کہ مذکورہ کم و بیش پانچ ہزار لائسنسوں کے اجراء سمیت اِن کے لین دین کی شفاف تحقیقات کرائے

تعلیم ہر بچے کا حق!

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان میں کسی بچے کا مستقبل اس کے والدین کی مالی حیثیت سے طے نہیں ہونا چاہیے بلکہ ہر ذہین بچے کو معیاری تعلیم حاصل کرنے اور اپنی صلاحیتوں کے بل پر آگے بڑھنے کے یکساں مواقع ملنے چاہئیں۔ اسلام آباد میں دانش سکول کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ دانش سکولوں کا مقصد غریب اور مستحق خاندانوں کے بچوں کے لیے تعلیم کے دروازے کھولنا اور امیر و غریب کے درمیان تعلیمی فرق کم کرنا ہے۔ دانش سکولز کو اشرافیہ کے سکولوں سے بھی اچھا بنائیں گے شہباز شریف نے کہا کہ ضرورت اس بات کی ہے کہ بچوں کو آگے بڑھنے کے یکساں مواقع فراہم کیے جائیں، خواہ ان کا تعلق ملک کے امیر ترین خاندان سے ہو یا ایسے گھرانے سے جس نے زندگی کی مشکلات میں اپنے والدین کو کھو دیا ہو۔ پاکستان میں لاکھوں بچے ایسے خاندانوں سے تعلق رکھتے ہیں جن کے والدین کھیتوں اور کھلیانوں میں شدید گرمی اور سردی کے باوجود محنت کرتے ہیں لیکن ان کی آمدن سے گھر کے اخراجات پورے کرنا بھی مشکل ہوتا ہے۔ ایسے حالات میں بچوں کی تعلیم اور دیگر بنیادی ضروریات پوری کرنا ان خاندانوں کے لیے بڑا چیلنج بن جاتا ہے۔ وزیر اعظم نے یاد دلایا کہ پنجاب میں دانش سکولوں کے قیام کا مقصد پاکستان کے دور دراز علاقوں اور غریب خاندانوں کے ذہین بچوں کو معیاری تعلیم کی سہولت فراہم کرنا تھا تاکہ وہ بھی اپنی قابلیت، محنت اور مسلسل جدوجہد کے ذریعے کامیابی حاصل کر سکیں۔

مذکورہ تقریب میں وزیراعظم نے جو کچھ کہا اس سے اختلاف کی گنجائش نہیں لیکن یہاں بنیادی سوال یہ ہے کہ اعلانات کے باوجود کسی بھی تمیز کے بغیر بچوں کو معیاری تعلیم کے مواقع مل کیوں نہیں رہے؟ اور وہ کون ہے جو اس سلسلے میں رکاوٹیں کھڑی کر رہا ہے؟ دانش سکولوں کی اپنی جگہ ہے اور ان کی افادیت سے بھی انکار نہیں کیا جا سکتا، دور دراز علاقوں کے ذہین مگر نادار بچوں کو رہائش، خوراک اور معیاری تعلیم ایک چھت تلے دینا بلاشبہ قابلِ تحسین کوشش ہے لیکن ہمیں یہ بھی دیکھنا چاہیے کہ لاکھوں بچوں کے مسئلے کا حل چند سو یا چند ہزار نشستوں سے نہیں نکل سکتا۔ اصل امتحان تو اس عام سرکاری سکول کا ہے جو ہر گاؤں اور ہر محلے میں موجود ہے جہاں مزدور، کسان، رکشہ ڈرائیور اور چھوٹے سرکاری ملازم کا بچہ پڑھتا ہے۔ اگر وہ سکول بہتر ہو جائے تو بچوں کو معیاری تعلیم کے لیے گھروں سے دور جانے کی ضرورت ہی پیش نہیں آئے گی۔ اگر وہ سکول ہی عام آدمی کے ہاتھ سے نکل جائے تو چند دانش سکول اس خسارے کا ازالہ نہیں کر سکتے۔

یہاں یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ آبادی کے اعتبار سے ملک کے سب سے بڑے صوبے پنجاب میں عام سرکاری سکولوں کے ساتھ کیا ہو رہا ہے۔ اطلاعات کے مطابق، پنجاب دو مراحل میں ہزاروں سے زائد سرکاری سکول نجی شعبے کے حوالے کر چکا ہے اور صوبائی حکومت مڈل اور ہائی سکولوں بلکہ کالجوں کو بھی اسی راستے پر ڈالنے پر غور کر رہی ہے۔ ایک رپورٹ کے مطابق، پنجاب کے محکمہ سکول ایجوکیشن نے آؤٹ سورسنگ کے اگلے مرحلے کی منظوری دے دی ہے جس کے تحت سرکاری ہائی سکولوں کو بھی نجی ملکیت میں دیا جا رہا ہے۔ ماہرینِ تعلیم کا کہنا ہے کہ سرکاری ہائی سکولوں کی آؤٹ سورسنگ سے کم آمدنی والے گھرانوں اور نچلے گریڈ کے سرکاری ملازمین کے بچوں کے لیے میٹرک تک تعلیم کا راستہ تنگ ہو جائے گا۔ یہ خدشہ وزیراعظم کے اس بیان سے براہِ راست ٹکراتا ہے کہ ہر بچے کو آگے بڑھنے کے یکساں مواقع ملنے چاہئیں۔

صوبائی حکومت کی طرف سے اس پالیسی کے دفاع میں دلائل بھی دیے جاتے ہیں۔ سرکاری بیان کے مطابق، آؤٹ سورسنگ کے پچھلے مراحل کے بعد سکولوں میں داخلوں میں آٹھ سو فیصد سے زائد اضافہ ہوا، ہزاروں کمرے تعمیر یا مرمت کیے گئے اور فرنیچر، بیت الخلا اور پینے کے پانی کی سہولتیں فراہم کی گئیں۔ یہ بات درست ہے کہ بہت سے سرکاری سکول برسوں سے بدحالی کا شکار تھے اور وہاں تعلیم کا معیار تشویش ناک تھا لیکن اس پالیسی کا دفاع کرتے ہوئے یہ سب کچھ کہنے والوں سے یہ پوچھا جانا چاہیے کہ سرکاری سکولوں میں کمروں کی مرمت یا تعمیر، وہاں فرنیچر اور پانی وغیرہ کی فراہمی، یہ سب سکولوں کے اساتذہ کی ذمہ داری ہے یا اس محکمے کی جس کے افسران اساتذہ سے کہیں زیادہ تنخواہیں اور مراعات و سہولیات حاصل کرتے ہیں؟

اب ذرا اسکولوں سے ہٹ کر سرکاری کالجوں کی طرف دیکھتے ہیں۔ ان دنوں پنجاب کے سرکاری کالجوں کی نج کاری یا انھیں سرکاری ملکیت سے نکالنے کی منصوبہ بندی کی خبریں بھی مسلسل آ رہی ہیں۔ پنجاب کے لاکھوں نوجوان سرکاری کالجوں میں پڑھتے ہیں جہاں فیس معمولی ہے، لہٰذا غریب والدین بھی تعلیم کے حصول کے لیے اپنے بیٹے یا بیٹی کو وہاں بھیجنے کا حوصلہ کر سکتے ہیں۔ جس دن یہ کالج سرکاری ملکیت سے نکل کر منافع کی منطق پر چلنے لگے اس دن فیسیں کئی گنا بڑھیں گی، داخلے میرٹ کی بجائے استطاعت پر ہوں گے اور غریب کے بچے کالج کے باہر کھڑے اندر جانے والوں کا منہ تک رہے ہوں گے، اور یہ اسی غریب کے بچے ہوں گے جس کے بارے میں وزیراعظم نے اپنی مذکورہ تقریر میں کہا ہے کہ اس کی آمدن سے گھر کے اخراجات پورے کرنا بھی مشکل ہے۔

یہاں ایک بنیادی نوعیت کا سوال یہ ہے کہ عوام حکومت کو ٹیکس کس لیے دیتے ہیں؟ وہ تنخواہ دار آدمی جس کی تنخواہ ملنے سے پہلے ہی ٹیکس کٹ جاتا ہے، وہ دکان دار جو ہر چیز پر سیلز ٹیکس ادا کرتا ہے، وہ مزدور جو ماچس کی ڈبیا تک خریدتا ہے تو بالواسطہ ٹیکس دیتا ہے، یہ سب دیگر وجوہ کے علاوہ اس امید پر ٹیکس کا بوجھ برداشت کر لیتے ہیں کہ ان کے بچوں کو سرکاری تعلیمی اداروں میں پڑھنے کے مواقع ملیں گے جس سے ان کے لیے آگے بڑھنے کی امید پیدا ہوگی۔ آئین کا آرٹیکل 25 اے ریاست کو پابند کرتا ہے کہ وہ پانچ سے سولہ برس تک کے ہر بچے کو مفت اور لازمی تعلیم فراہم کرے۔

جمہوری جہد وجہد کو سبوتاژ کرنے کی کوشش! (قسط2)

یہ عجیب بات ہے کہ جس دن کو جمہوریت اور امن کے دشمنوں نے پیپلز پارٹی اور اس کی قیادت کو ختم کرنے کیلئے چنا تھا اب وہ دن ایک نئی پیپلز پارٹی کی بحالی اور جمہوریت کیلئے ناقابل تسخیر قلعہ بنانے کا دن بن گیا ہے۔ بلاول بھٹو کی جوانی سے بھرپور للکار نے جہاں پاکستان اور جمہوریت کے اندرونی دشمنوں کو خوفزدہ کر دیا ہے وہاں بھارت کی جارح قیادت کو بھی بتا دیا ہے کہ لاوارث ملک نہیں ہے پاکستان کی بقاء سلامتی اور جمہوریت کیلئے 18 اکتوبر کا دن ایک استعارہ ہے اور ایک نئی قیادت نئے جذبے کے ساتھ اس دن نئے پاکستان کی بنیاد رکھنے جا رہی ہے۔ پاکستان مسلمان بھائیوں کے ہاتھوں اپنے ہی بھائیوں کے قتل کا یہ سلسلہ 1300 سال پرانا ہے۔ اس فرقہ بندی اور مخالفتوں نے اسلام کی صدیوں پرانی نشاۃ ثانیہ اور روایات کا گلا گھونٹ دیا ہے۔ شدت پسندی اور فرقہ پرستی نے مسلمانوں کے اس دور کی عظیم الشان روایات کو بھی تباہ کر دیا جب یورپ اندھیرے دور سے گزر رہا تھا اور مسلمانوں کے پاس بہترین یونیورسٹیاں، فلسفی، عالم، سائنسدان اور طبیب موجود تھے۔ موجودہ دور میں مسلمانوں کے اندرونی خلفشار کا مشاہدہ عراق، شام اور افغانستان کی صورتحال سے کیا جا سکتا ہے جہاں مختلف فرقہ پرست گروپ ایک دوسرے پر غلبہ حاصل کرنے کے لیے ایک احمقانہ خانہ جنگی میں مصروف ہیں۔ موجودہ عراق کا کمزور پہلو وہ فرقہ بندی ہے جس کے ذریعے اس ملک کے قلب میں شگاف ڈالنے اور اسے ٹکڑے ٹکڑے کرنے کی کوششیں کی جا رہی ہیں۔ یہی نہیں بلکہ اس وحشیانہ جنگ کو دنیا کے دوسرے علاقوں خصوصاً پاکستان تک وسیع کرنے کی کوششیں بھی جاری ہیں۔ ہم اس بات سے بھی اچھی طرح واقف ہیں کہ مغربی ریسرچ سینٹرز طویل عرصے سے اس بات کا اظہار کر رہے ہیں کہ ترکی سے پاکستان تک مسلم کمیونٹی میں مغرب اور خاص طور پر امریکہ کے خلاف نفرت و حقارت میں اضافہ ہو رہا ہے، عراق کی جنگ کو بھی اس نفرت میں اضافے کی ایک وجہ قرار دیا جاتا ہے جبکہ فلسطین کی صورتحال بھی اس نفرت کی ایک اہم وجہ ہے۔ دوسروں پر الزام دھرنا بہت آسان ہے کہ ان کی وجہ سے ہمارے لیے مشکلات یا پریشانیاں پیدا ہوتی ہیں جبکہ ہم میں کو کیسے کوئی بھی اپنی کوتاہیوں اور ذمہ داریوں کو تسلیم کرنے کے لیے تیار نہیں ہوتا۔ نئی کالونیاں قائم کرنے کی مغربی خواہشات کا بھی مسلمانوں کی نفسیات پر گہرا اثر پڑا ہے۔ مسلمانوں کو سیاسی طور پر چل دینے، ان کے وسائل پر غلبہ حاصل کرنے کی خواہشات اور پالیسیوں نے بھی مغرب سے متعلق مسلمانوں کے رویے اور رجحانات پر اپنا اثر چھوڑا ہے اس بارے میں بھی کسی شک و شبہ کی گنجائش نہیں کہ مسلم اقوام کے حوالے سے مغرب کا ریکارڈ قابل ستائش ہرگز نہیں رہا۔ لیکن کیا بے بیرونی مداخلت ہی مسلم دنیا کی موجودہ حالت زار کے واحد ذمہ دار ہیں؟ اگرچہ یہ بہت آسان نسخہ ہے کہ تو آبادیاتی نظام اور بیرونی مداخلت کاروں پر اس کی ذمہ داری ڈال دی جائے لیکن مسلم دنیا کو اس بارے میں اپنے اندر جھانک کر یہ جاننا چاہیے کہ اس صورتحال کی وہ خود کس حد تک ذمہ دار ہے۔ یہ ایک مشکل لیکن ناگزیر کام ہے کہ ایک حقیقی دانشورانہ مباحثے کا اہتمام کیا جائے جس کے ذریعے اس بات کی نشاندہی کی جائے کہ مسلم دنیا کو معاشی پیداوار ٹیکنیکل اختراعات اور تخلیقی صلاحیتوں کے حصول میں کیا مشکلات درپیش ہیں۔ موجودہ صورتحال میں مسلم دنیا کا فخر اور طرہ امتیاز ان کی اقتصادی صلاحیتیں نئی ٹیکنیکل ایجادات یا دانشورانہ تخلیقی صلاحیتیں نہیں ہیں۔ یہ تمام عناصر مسلمانوں کی نشاۃ ثانیہ اور ماضی کا ورثہ تو ضرور ہیں لیکن حال کے آئینے میں ان کا عکس نظر نہیں آتا۔ کئی صدیاں پہلے اہل فارس، اسپین اور چند سو سال پہلے تک مغل سلطنت کے عروج تک تو مسلمان اس قابل فخر ورثے کے مالک تھے لیکن ایسا نہیں ہے۔ اب ہم دیکھتے ہیں کہ مسلمانوں کی شناخت زیادہ تر منفی عناصر پر منحصر ہے مثلاً دشمن کو مار گرانا اور قوم کو ویسٹ کے حملوں کے خلاف مضبوط بنانا یہ بھی حقیقت ہے کہ دو طرفہ طور پر بظاہر فصیح و بلیغ لیکن دراصل زہریلی تقریریں، باتیں اور بیانات اسلام اور مغرب کے مابین تہذیبوں کی جنگ کا باعث بن رہے ہیں دوسری طرف مغرب کی عسکری اور سیاسی پالیسیاں بھی اس تصادم کے برپا ہونے کی ایک بڑی وجہ بن رہی ہیں۔ یہ مغرب پالیسیاں ہمیشہ بحیثیت قوم مسلمانوں کو بیرونی دشمنوں کی جانب سے ایک غصے کی کیفیت میں مبتلا رکھتی ہیں۔ گویا مغرب کی یہ معاندانہ پالیسیاں ایک ایسا مخصوص نشہ ہے جسے پلا کر مسلم دنیا کو ہمیشہ ایک جارحانہ موڈ میں رکھا جاتا ہے اور اسی موڈ میں مسلمان اپنے اندرونی دانشورانہ تخلیقی اور اقتصادی زوال کو نظر انداز کر دیتے ہیں یا پھر اس پر بہت کم توجہ دیتے ہیں۔ اگرچہ بہت سے مسلمان رہنماؤں اور دانشوروں کی ایک خاموش اکثریت عراق اور دیگر مسلمان ممالک میں بیرونی مداخلت اور اس کے نتیجے میں مسلمان آبادی کو پیش آنے والی مشکلات پر سخت تشویش میں مبتلا ہے لیکن وہ کھل کر اس کی مذمت اس لئے نہیں کر سکتے کیونکہ خود مسلمان بھی آپس میں دست و گریباں ہیں۔ بیرونی مداخلت پر تنقید سیاسی طور پر اس صورت میں مفید ہو سکتی ہے جب اس بارے میں اندرونی طور پر بھی اتحاد اور اتفاق موجود ہو بد قسمتی سے مسلمان اس حوالے سے خاصے کمزور ہیں۔ یہاں تک کہ اگر ڈارفر کی صورتحال کو دیکھیں تو وہاں حقیقی طور پر مسلمان آبادی کی نسل کشانہ کارروائیاں جاری ہیں لیکن اس پر نہ تو کوئی احتجاج سامنے آتا ہے اور نہ ہی عرب یا ساؤتھ ایشین میڈیا ان مظالم کی مناسب کوریج کرتا ہے۔ ایسی فصیح و بلیغ لیکن زہریلی یا تین اسلام اور مغرب کے درمیان تہذیبوں کی جنگ کا باعث بنتی ہیں بالکل اسی طرح جس طرح مغربی عسکری یا سیاسی پالیسیاں ایسے تصادم کا باعث بنتی ہیں یہ ایک ایسا نشہ کا کام کرتی ہے جو مسلمانوں کو ہمیشہ غصے میں رکھتا ہے بیرونی دشمنوں کی طرف سے، جس کی وجہ سے مسلمان اپنے اندرونی دانشورانہ اور اقتصادی زوال کو نظر انداز کر دیتے ہیں اور ان پر بہت کم توجہ دیتے ہیں۔ حقیقت اور دانشورانہ ایمانداری کا تقاضہ ہے کہ ہم سکے کے دونوں رخ دیکھیں۔ وہ جلتے ہوئے جڑواں ٹاورز اس بات کا مظہر بن چکے ہین اندرون اسلامی بحث کا سیاسی اور اقتصادی ویلیوز، جمہوریت اور روشن خیالی کے درمیان اور ایک ایسے کھلے جھگڑے کا خطرہ جس کے بعد اسلام اور مغرب کے درمیان کوئی نہ کوئی فیصلہ ہو جائے گا محترمہ بنظیر بھٹو جب 1986ء میں 2 سالہ جلاوطنی کے بعد پاکستان کے سب سے بڑے صوبے پنجاب کے دار الحکومت لاہور پہنچی تو 10 لاکھ افراد پر مشتمل ایک جوشیلا ہجوم میرے خیر مقدم کیلئے موجود تھا ایک ملی

قانون ہو تو ایسا!

زندگی میں انسان کو اچھی بری خبریں سننے کو ملتی رہتی ہیں، لیکن معاشرے اور عوام کی بہتری کیلئے کی جانے والی کسی کاوش کی خبر ہمسایہ بلکہ ازلی دشمن ہمسایہ ملک سے ملے تو تکلیف کچھ زیادہ ہی ہوتی ہے۔ خواہش ہوتی ہے کہ کاش ایسا اچھا کام ہمارے ملک میں بھی ہوتا لیکن اچھا کام تو دشمن ملک میں ہوا ہوتا ہے۔ لہٰذا "بہت تکلیف دیتا" ہے کہ ہم ایسا کیوں نہیں کر سکے۔ ہم میں کیا کمی ہے کہ وہ جو ہمارے دشمن ہیں۔ جنہیں ہم خود بحیثیت مسلمان اپنے سے کمتر اور موت کے بعد "جہنم کا باسی" سمجھتے ہیں۔ کیا وجہ ہے کہ وہ ہم سے بہتر اور اچھے فیصلے "اس دنیا" میں کرتے ہیں۔ ایسا ہی ایک فیصلہ گزشتہ ہفتے بھارت کی سب سے بڑی ریاست مہاراشٹر میں کیا گیا۔ جہاں کھلی مرچ، مصالحہ جات اور مکسڈ مصالوں کی فروخت پر پابندی لگا دی گئی۔ مہاراشٹر حکومت کے شعبہ ڈرگ اینڈ فوڈ ایڈمنسٹریشن کے فوڈ سیفٹی کمشنر نے احکامات جاری کیے ہیں کہ مرچ، ہلدی، دھنیا، زیرہ، کالی مرچ، دارچینی، لونگ، ہینگ، الائچی، زعفران، گرم مصالحے اور تمام مکسڈ مصالحے (مصالحہ پاؤڈر) کھلے اور پیکنگ کے بغیر فروخت نہیں ہوں گے۔ تمام مصالحہ جات کی فروخت اب صرف پیکنگ شکل میں ہوگی۔ پیکنگ پر واضح الفاظ میں درج کیا جائے گا کہ اس میں کیا چیز کس حالت میں ڈالی گئی ہے اور وہ کب تک کھانے کے قابل رہے گی۔

فوڈ سیفٹی کمشنر نے یہ احکامات سپلائی چین سے منسلک اداروں مینوفیکچرز، ہول سیلرز، ریٹیلرز، ای کامرس پلیٹ فارمز، کمرشل کچنز کیلئے جاری کیے ہیں، جس کے بعد تمام مصالحہ جات اور بلینڈڈ مصالحے مارکیٹ میں تقسیم یا فروخت کرنے سے پہلے مینوفیکچرنگ کی جگہ پر "پیک اور سیل بند" کی تاریخ، بہترین استعمال کس تاریخ تک یعنی ایکسپائری ڈیٹ سمیت تمام دیگر لازمی اعلانات ضروری قرار دیے گئے ہیں۔ خوراک سے وابستہ کاروباری حضرات کو ہدایت کی گئی ہے کہ ثبوت کے بغیر اپنی مصنوعات کے خالص، نامیاتی، قدرتی اجزاء پر مشتمل ہونے یا صحت سے متعلق فوائد کے بارے میں گمراہ کن دعوے نہیں کریں گے۔

بھارت میں عوام کی فلاح اور بہتر صحت کیلئے کیے جانے والے اس اقدام کے بعد جب اپنے ملک کا حال دیکھتے ہیں تو شرم آتی ہے۔ بطور رپورٹر گزشتہ 38 سال میں جو دیکھا وہ بڑا ہی تکلیف دہ تھا۔ بلدیہ عظمیٰ لاہور کے شعبہ فوڈ کے سربراہ چوہدری منیر مرحوم سے انتہائی قریبی تعلق دوستی تھی، ان کے پاس بیٹھ کر جو کچھ دیکھا وہ بتاتے ہوئے بھی حیا آتی ہے۔ چودھری منیر مرحوم کے مختلف سکواڈ جو ملاوٹ شدہ اشیاء خورد و نوش سامان پکڑ کے لاتے تھے اس میں مرچوں میں برادہ ملایا گیا ہوتا تھا۔ ہلدی میں خراب گلی سڑی ہلدی کو بھی پیس کر شامل کیا گیا ہوتا تھا۔ چائے کی پتی میں کیکر کی چھال کو ملا کر رنگ دیا جاتا تھا۔ ملاوٹ شدہ دودھ تیار کرنے کیلئے بیرون ملک سے جانوروں کے استعمال کیلئے آنے والے خشک دودھ کو انسانوں کے استعمال کے قابل بنایا جاتا، جس کیلئے اس درآمد شدہ دودھ میں کھاد اور کوکنگ آئل شامل کر کے اس کے اندر جھاگ تک پیدا کر لی جاتی۔ مردہ جانوروں کی ہڈیوں کو بڑے بڑے کڑاہوں میں اُبال کر ان سے تیل نکالا جاتا ہے اور پھر اس تیل کو کوکنگ آئل کے نام پر بازاروں میں لگائی گئی ریڑھی والوں کو فروخت کیا جاتا ہے جو اس "تیل" میں پکوڑے سموسے اور نہ جانے کیا کیا کچھ تل کر غریب عوام کو کھلاتے ہیں۔ چودھری منیر مرحوم کے دفتر میں ایک ایسا کیس سامنے آیا تھا جس کے حوالے سے اپنے عدالتی نظام پر کچھ کہتے ہوئے بھی شرم آتی ہے۔ شعبہ فوڈ کے سکواڈ نے 10 من گلی سڑی مرچ پکڑی تھی۔ اس مرچ کو چھڑانے کیلئے اس کے مالک نے بہت زور لگایا سفارشیں ناکام ہونے کے بعد عدالت میں مقدمہ کیا اور 6 سال بعد جج صاحب نے فیصلہ سنایا کہ مرچ اس کے مالک کے حوالے کر دی جائے۔ وہ گلی سڑی مرچ جو بلدیہ کے گودام میں پڑی اس قابل بھی نہیں رہی تھی کہ اسے استعمال کیا جا سکتا۔ لہٰذا چوری منیر نے اس مرچ کو فوری طور پر دریا برد (یعنی دریائے راوی کے حوالے) کروا دیا۔ آج بھی سوچتا ہوں کہ وہ جج صاحب جنہوں نے یہ فیصلہ دیا کیا ان کے گھر میں "پسی لال مرچ" استعمال نہیں ہوتی تھی۔ کون سوچ سکتا تھا کہ گوشت میں بھی ملاوٹ ہو سکتی ہے لیکن بکرے اور گائے کے گوشت میں وزن بڑھانے کیلئے سرنجوں اور ڈرپ کے ذریعے پانی شامل کیا جاتا تاکہ گوشت کا وزن بڑھایا جائے۔

گوشت میں پانی شامل کرنے سے گوشت خراب ہونے کا تو پتہ نہیں لیکن اس سے کھانے کے ذائقے میں فرق ضرور آتا ہے، لیکن اس سے بھی بڑا ظلم یہ ہے کہ ہمیں مردہ جانوروں کا گوشت بھی کھلایا جا رہا ہے۔ گزشتہ سال کئی شہروں میں پولیس اور دوسرے محکموں نے مردہ جانوروں کا گوشت پکڑا۔ ٹوبہ ٹیک سنگھ میں مردہ جانوروں کا 445 کلو گوشت قبضے میں لیا گیا۔ لودھراں میں 80 کلو گوشت قبضے میں لیا گیا۔ لاہور کی بکر منڈی سے "گوشت بنانے کیلئے" کیلئے لائے گئے مردہ جانور برآمد ہوئے۔ ملتان میں سرکاری سلاٹر ہاؤس سے چھ مرے ہوئے بکرے اور ایک بچھڑا قبضہ میں لیا گیا جن کو "کاٹنے کی تیاری" پوری ہو چکی تھی۔ کراچی کی بھینس کالونی میں تقریباً 20 لاکھ گائے بھینسیں موجود ہیں وہاں کے "باخبروں" کا کہنا ہے کہ روزانہ جو بھی گائے بھینس مرتی ہے اس کا گوشت کاٹ کر چھوٹے ڈھابوں اور ہوٹلوں میں سپلائی کر دیا جاتا ہے۔ لاہور میں شیخوپورہ سے آنے والی ویگن سے راوی روڈ پر پولیس نے سات من گائے اور تین من مردہ بکروں کا گوشت برآمد کیا۔ باقی بات تو چھوڑیں ٹولنٹن مارکیٹ جو اشرافیہ اور امراء کی مارکیٹ سمجھی جاتی ہے وہاں سے بھی ڈیڑھ سو کلو مردہ مرغیوں کا گوشت برآمد ہوا۔

اب تو یہ بھی سنا ہے کہ مصنوعی انڈے میدان میں آ گئے ہیں۔ پاکستان میں صرف کھانے پینے کی اشیاء نہیں بلکہ استعمال کی اشیاء میں بھی کھل کر ملاوٹ کی جاتی ہے۔ شاہ عالم مارکیٹ میں میک اپ کا ایسا سامان دستیاب ہے جو اصلی نظر آتا ہے مگر وہ دو نمبر ہے۔ یہاں تو ٹوتھ پیسٹ اور صابن تک میں پتہ نہیں کیا کیا ملا دیا جاتا ہے۔ ہم وہ قوم ہیں کہ جس کے نبیؐ نے کہا تھا "من غش فلیش منی" یعنی جس نے ملاوٹ کی وہ ہم میں سے نہیں۔ اب اس کے بعد تو کچھ کہنے کو باقی نہیں رہا۔ پتہ نہیں ہم مسلمان بھی رہے کہ نہیں رہے۔ ہم وہ قوم ہیں کہ جس کے نبیؐ نے کہا تھا "من غش فلیش منی" یعنی جس نے ملاوٹ کی وہ ہم میں سے نہیں۔ اب اس کے بعد تو کچھ کہنے کو باقی نہیں رہا۔ پتہ نہیں ہم مسلمان بھی رہے کہ نہیں رہے۔

یہاں بابا بلھے شاہ کا کہا یاد آ رہا ہے۔

بلھے شاہ اسیں مرنا ناہیں
گور پیا کوئی ہور۔۔۔

فن وثقافت

فیشن گالا سیزن 8 کی تیاریاں، سنیل اشر ایک بڑے فیشن شو کے انعقاد کے لیے پُرعزم

نئے چہروں کو مواقع دینا اور جڑواں شہروں کے ٹیلنٹ کو سامنے لانا میری ترجیح ہے: فیشن شو آرگنائزر سنیل اشر

اسلام آباد (سکندر اعظم۔ سے) فیشن شو آرگنائزر، رائٹر، ڈائریکٹر اور زیو انٹرٹینمنٹ کے سربراہ سنیل اشر فیشن گالا سیزن 8 کی تیاریوں میں مصروف ہیں متعدد کامیاب شوز کے انعقاد اور نئے چہروں کو متعارف کرانے کے بعد وہ اس ایونٹ کو اپنے سابقہ شوز سے زیادہ شاندار اور یادگار بنانے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ سنیل اشر کے مطابق راولپنڈی اور اسلام آباد میں فیشن اور ماڈلنگ کے شعبے میں باصلاحیت نوجوانوں کی کمی نہیں، تاہم انہیں اپنی صلاحیتیں پیش کرنے کے لیے مناسب مواقع اور رہنمائی کی ضرورت ہے۔ ان کی کوشش رہی ہے کہ تجربہ کار فنکاروں کے ساتھ نئے چہروں کو بھی ایک ایسا پلیٹ فارم ملے جہاں وہ اعتماد کے ساتھ اپنے سفر کا آغاز کر سکیں۔ اپنے پیشہ ورانہ سفر کے حوالے سے ان کا کہنا ہے کہ کامیاب شو کے پیچھے مسلسل محنت، منصوبہ بندی اور ٹیم ورک ہوتا ہے۔ ماڈلز کے انتخاب سے لے کر اسٹیج کی ترتیب اور شو کی پیشکش تک، ہر پہلو پر توجہ دینا ایک منتظم کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ یہی سوچ ان کے سابقہ شوز کی بنیاد رہی ہے اور فیشن گالا سیزن 8 میں بھی اسی کو آگے بڑھایا جائے گا۔ سنیل اشر فیشن گالا 8 کو جڑواں شہروں کے بڑے فیشن ایونٹس میں شامل کرنے کا عزم رکھتے ہیں۔ مجوزہ شو میں فیشن، تخلیقی صلاحیتوں اور نئے ٹیلنٹ کو نمایاں جگہ دینے کی منصوبہ بندی کی جا رہی ہے۔ ان کا مقصد ایک خوب صورت تقریب کے ساتھ شرکا کے لیے پیشہ ورانہ مواقع بھی پیدا کرنا ہے۔ زیو انٹرٹینمنٹ کے ذریعے سنیل اشر فیشن اور تفریح کے مختلف شعبوں میں کام کرتے آئے ہیں۔ ان کے نزدیک نئے لوگوں کی حوصلہ افزائی اور انہیں آگے بڑھنے کا موقع دینا کسی بھی تخلیقی پلیٹ فارم کی اصل کامیابی ہے۔ فیشن گالا سیزن 8 اسی سفر کی اگلی کڑی ہوگا۔ شو کی تاریخ، مقام اور دیگر تفصیلات کا اعلان منتظمین کی جانب سے کیا جائے گا۔

سندھ ہائیکورٹ نے فلم گھوسٹ اسکول کی مشروط عوامی نمائش کی اجازت دیدی

کراچی (بیورو رپورٹ) سندھ ہائیکورٹ نے فلم گھوسٹ اسکول کی عوامی نمائش کی مشروط اجازت دے دی۔ رپورٹ کے مطابق سندھ ہائیکورٹ کے جسٹس یوسف علی سعید اور جسٹس عدنان اقبال چوہدری پر مشتمل دو رکنی بینچ نے [illegible] چکے تھے لیکن سندھ سنسر بورڈ نے بغیر کوئی واضح وجہ بتائے اس کی سرٹیفکیشن روک دی تھی۔ عدالت نے پہلے بھی بورڈ کو قانون کے مطابق از سر نو فیصلہ کرنے اور فلم سازوں کو اپنا مؤقف پیش کرنے کا موقع دینے کا حکم دیا تھا۔ [illegible] ہوں تو فلم سازوں کو ذاتی سماعت کا موقع دے کر قانون کے مطابق نئی کیٹیگری یا ہدایات جاری کرے لیکن بورڈ اپنے پرانے اعتراضات سے باہر جا کر کوئی نیا اعتراض عائد نہیں کرسکتا

لوگوں کی باتوں کی پرواہ نہیں، حریم فاروق کا مینگو جٹ کی ٹرولنگ پر ردعمل

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستانی اداکارہ اور پروڈیوسر حریم فاروق نے اپنی نئی فلم 'مینگو جٹ' کی پروموشن کے دوران پہنے گئے لباس پر ہونے والی تنقید اور سوشل میڈیا ٹرولنگ پر ردعمل دے دیا حریم فاروق ان دنوں فیصل قریشی کے ساتھ اپنی پنجابی فلم 'مینگو جٹ' کے باعث خبروں میں ہیں جس کی تشہیر کے دوران ان کے مختلف انداز اور لباس کو بھی تنقید کا نشانہ بنایا گیا۔ حال ہی میں عمیر علوی کو دیے گئے انٹرویو میں حریم فاروق نے کہا کہ انہوں نے تقریباً 10 سال پہلے ہی فیصلہ کر لیا تھا کہ وہ دوسروں کی باتوں کی پرواہ نہیں کریں گی۔ اداکارہ کے مطابق تنقید کرنے والے ہوں یا سوشل میڈیا پر ٹرولنگ کرنے والے افراد، لوگ ہمیشہ کچھ نہ کچھ کہتے رہیں گے، اس لیے ان کی باتوں پر وقت ضائع کرنا بے فائدہ ہے۔ حریم فاروق نے مزید کہا کہ وہ سوشل میڈیا پر تبصرے پڑھتی ہی نہیں بلکہ اپنی زندگی میں آگے بڑھنے اور کام پر توجہ دینے کو ترجیح دیتی ہیں۔

عائزہ خان اپنے بولڈ انداز کے باعث ٹرولنگ کی زد میں

کراچی (شوبز ڈیسک) تقریب میں اداکارہ سفید رنگ کے مغربی طرز کے لباس میں نظر آئیں، جس کی تصاویر اور ویڈیوز سوشل میڈیا پر سامنے آنے کے بعد صارفین نے ان کے انداز پر مختلف تبصرے کیے۔ بعض صارفین نے عائزہ خان کے لباس کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ اداکارہ ماضی میں نسبتاً سادہ اور باوقار لباس پہننے کو ترجیح دیتی تھیں جبکہ ایک صارف نے دعویٰ کیا کہ عائزہ پہلے بغیر آستین والے لباس نہ پہننے کی بات کرتی تھیں، تاہم اب ان کا انداز تبدیل ہو گیا ہے۔

بقیہ نمبر 1

کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر کہوٹہ اور پرائس کنٹرول کمیٹیوں سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ انتظامیہ مارکیٹوں میں سرکاری نرخ نامے کی پاسداری یقینی بنائے، گراں فروشوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائے اور بنیادی غذائی ضروریات پر مؤثر نگرانی کے ذریعے عوام کو ریلیف فراہم کرے۔

بقیہ نمبر 2

صحافیوں اور جڑواں شہروں سے تعلق رکھنے والے صحافیوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر مرحومہ کے درجات کی بلندی، مغفرت اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی گئی۔ تقریب میں نیشنل پریس کلب کے صدر عبدالرزاق سیال، سیکرٹری ڈاکٹر فرقان راؤ، جوائنٹ سیکرٹری چوہدری جاوید بھاگٹ، ربجا کے صدر مجاہد نقوی، فنانس سیکرٹری ملک عبدالعزیز سمیت سینئر صحافی رانا کوثر علی، نعیم محبوب، ڈاکٹر عبدالودود قریشی، سردار حمید، سید آصف علی ہمدانی، راجہ بشیر عثمانی، توصیف عباسی، قربان ستی، رانا زاہد حسین اور سردار نثار تبسم سمیت دیگر صحافیوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر شرکاء نے سوگوار خاندان سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ والدین اور بزرگوں کی جدائی ایک ناقابلِ تلافی نقصان ہے۔ دکھ کی اس گھڑی میں صحافی برادری اپنے ساتھیوں کے غم میں برابر کی شریک ہے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، ان کی مغفرت فرمائے اور تمام اہلِ خانہ کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق عطا کرے۔ دعائیہ تقریب میں مرحومہ کے ایصالِ ثواب کے لیے فاتحہ خوانی بھی کی گئی۔ شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ صحافی برادری دکھ اور غم کے مواقع پر اپنے ساتھیوں اور ان کے اہلِ خانہ کے ساتھ کھڑی رہتی ہے اور باہمی اخوت، ہمدردی اور یکجہتی کی یہ روایت برقرار رکھی جائے گی۔

بقیہ نمبر 3

ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے ذریعے صحت کے نظام کو بہتر بنانے، طبی سہولیات تک رسائی میں اضافے، صحتِ عامہ کے چیلنجز سے نمٹنے اور عوام کو معیاری طبی خدمات کی فراہمی کے لیے جدید طریقہ کار پر تبادلہ خیال کرنا تھا۔ تقریب میں وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری اور وزیرِ مملکت برائے قومی صحت، خدمات و رابطہ کاری ڈاکٹر ملک مختار احمد بھرتھ نے بطور مہمانانِ خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر رکن قومی اسمبلی اور قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے داخلہ و منشیات کے چیئرمین راجہ خرم شہزاد نواز، رکن قومی اسمبلی اور وزیراعظم یوتھ پروگرام کی فوکل پرسن سیدہ آمنہ عمیر، صوبائی وزیر محنت پنجاب میاں منشا اللہ بٹ، ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی آئی وزارتِ قومی صحت ڈاکٹر موہنی خان، سیکریٹری پاکستان نرسنگ اینڈ مڈوائفری کونسل ڈاکٹر گل سنگا عمران اور چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی آف پاکستان ڈاکٹر عبیداللہ ملک بھی موجود تھے۔ کانفرنس میں پاکستان میں عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او) کے نمائندے ڈاکٹر لوو ڈاپینگ، شعبہ ماں، نوزائیدہ اور بچوں کی صحت (MNCH) کی سربراہ پروفیسر ڈاکٹر ثمینہ نعیم خالد، سابق وزیرِ صحت، سابق وائس چانسلر یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز اور چیئرمین پروفیسر ڈاکٹر جاوید اکرم، وزیرِ مملکت برائے تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت وجیہہ قمر، چیئرپرسن پاکستان ڈیجیٹل اتھارٹی ڈاکٹر سہیل منیر اور چیئرمین ہائر ایجوکیشن کمیشن پروفیسر ڈاکٹر نیاز احمد اختر نے بھی شرکت کی۔ اس کے علاوہ چیئرپرسن بلوچستان ریونیو اتھارٹی عبداللہ خان، کمشنر پنجاب ایمپلائز سوشل سکیورٹی انسٹی ٹیوشن ذوالفقار علی کھرل، ڈاکٹر سبین خان، ڈاکٹر شبینہ رضا، کنٹری ڈائریکٹر نیوٹریشن انٹرنیشنل، پاکستان میں یونیسف کی نمائندہ پرنیل آئرن سائیڈ، ماہرِ صحت عامہ و سینئر اکیڈمک بحریہ یونیورسٹی کراچی ڈاکٹر فرید مدحت، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر اسلام آباد ڈاکٹر سیدہ رشیدہ بتول، سیکریٹری محکمہ صحت حکومت آزاد جموں و کشمیر بریگیڈیئر تحسین بن نذیر، پروفیسر امراضِ نسواں ڈاکٹر سیدہ بتول مظہر، پروفیسر ڈاکٹر رضوانہ چوہدری، کارڈف یونیورسٹی کی ڈاکٹر سیریتھ واٹرز، ہیلتھ سروسز اکیڈمی کی لیکچرر ڈاکٹر شانزہ عظیم اور وائس چانسلر ہیلتھ سروسز اکیڈمی پروفیسر ڈاکٹر شہزاد علی خان سمیت دیگر ماہرین اور متعلقہ اداروں کے نمائندے شریک ہوئے۔ کانفرنس کے مرکزی موضوع کے تحت ڈیجیٹل صحت کے جدید رجحانات، طبی خدمات کی فراہمی میں ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال، صحت کے نظام کی بہتری اور مریضوں کے علاج کے نتائج بہتر بنانے کے امکانات کو اہمیت دی گئی۔ شرکاء نے اس امر پر تبادلہ خیال کیا کہ جدید ڈیجیٹل ذرائع کو صحت کے شعبے میں مؤثر انداز میں بروئے کار لا کر طبی خدمات کی دستیابی، معیار اور کارکردگی میں بہتری لائی جا سکتی ہے۔ کانفرنس میں قومی صحت کی پالیسیوں، صحت کے شعبے میں ادارہ جاتی تعاون، طبی تعلیم و تحقیق، صحت کے کارکنوں کی استعداد کار میں اضافے اور بین الاقوامی تجربات سے استفادے کی اہمیت بھی اجاگر کی گئی۔ شرکاء نے اس بات پر زور دیا کہ صحتِ عامہ کے پیچیدہ مسائل کے حل کے لیے حکومتی اداروں، تعلیمی و تحقیقی مراکز، طبی ماہرین اور بین الاقوامی تنظیموں کے درمیان رابطہ کاری اور مشترکہ کوششیں ناگزیر ہیں۔ ماں، نوزائیدہ اور بچوں کی صحت، غذائیت، ادویات کے ضابطہ جاتی امور، نرسنگ و مڈوائفری، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی اور صحت کے شعبے میں اعلیٰ تعلیم و تحقیق جیسے موضوعات بھی کانفرنس کے وسیع تر دائرہ کار کا حصہ رہے۔ مختلف اداروں کے نمائندوں کی شرکت نے صحت کے شعبے کو درپیش مسائل پر بین الادارہ جاتی مکالمے اور تجربات کے تبادلے کے مواقع فراہم کیے۔ کانفرنس میں وفاقی و صوبائی سطح پر صحت کے شعبے سے وابستہ ذمہ داران، پالیسی سازوں اور ماہرین کی موجودگی کو صحت کے نظام میں جدت، بہتر منصوبہ بندی اور مؤثر رابطہ کاری کے لیے اہم قرار دیا گیا۔ اس موقع پر ڈیجیٹل صحت کے فروغ کو بہتر طبی نتائج کے حصول اور عوام کو معیاری صحت کی سہولیات فراہم کرنے کے لیے ایک اہم موضوع کے طور پر اجاگر کیا گیا۔ ہیلتھ سروسز اکیڈمی کے زیر اہتمام اس بین الاقوامی کانفرنس کا بنیادی محور صحتِ عامہ کے شعبے میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال، علمی و پیشہ ورانہ تعاون اور صحت کی خدمات کے معیار کو بہتر بنانے کے امکانات کا جائزہ لینا تھا، تاکہ قومی اور بین الاقوامی سطح پر صحت کے شعبے میں درپیش چیلنجز کے حل کے لیے مؤثر حکمت عملیوں پر پیش رفت کی جاسکے

بقیہ نمبر 4

پر پہنچ گئی اور امدادی کارروائی کرتے ہوئے پانچ زخمی افراد کو موقع پر ابتدائی طبی امداد دینے کے بعد ایک زخمی کو قریبی ہسپتال میں منتقل کر دیا۔

بقیہ نمبر 5

کھیلوں کے مقابلے منعقد ہوئے، جن میں طلبہ نے بھرپور حصہ لیا۔ مقررین نے کہا کہ کھیلوں کی سرگرمیوں کا مقصد بچوں کی جسمانی و ذہنی نشوونما کے ساتھ ان میں کھیلوں سے متعلق شعور اجاگر کرنا اور نوجوان ٹیلنٹ کو سامنے لانا ہے۔ انہوں نے ہاکی کے فروغ کے لیے ایف ڈی ای اور اسلام آباد ہاکی ایسوسی ایشن کی مشترکہ کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ تعلیمی اداروں میں کھیلوں کی سرپرستی سے ہاکی کو نچلی سطح پر ترقی دینے اور نئے کھلاڑیوں کو آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنے میں مدد ملے گی۔

بقیہ نمبر 6

اسلام آباد کیریئر کالج کمرشل ایریا گلزار قائد راولپنڈی میں فرسٹ ائیر کے طلباء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا آئی سی سی طلباء کمرشل ایریا گلزار قائد راولپنڈی کے طلباء کے مستقبل کو محفوظ اور کامیاب بنانے کے لئے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔ ایم ڈی کیٹ اور ای کیٹ کے لئے انٹری ٹیسٹ کے ماہر اور تجربہ کار اساتذہ کی خدمات حاصل کریں گے۔ طلباء کی کلاسز ہر ہفتے کے دن کی جائیں گی۔ جس کا ایس او ایس اور ٹیسٹ سیشن کی تیاری مکمل کر لی ہے۔ طلباء نے ایم ڈی کیٹ اور ای کیٹ کی فری کلاسز سے مکمل استفادہ حاصل کرنے کے عزم کا اعادہ کیا

بقیہ نمبر 7

اللہ خان، امیر کے پی وسطی عبدالواسع اور امیر جماعت اسلامی ہزارہ عبدالرزاق عباسی ایڈووکیٹ نے شرکت کی۔ اجلاس میں وفاق کی جانب سے اٹھائے جانے والے حالیہ اقدامات اور صوبہ کو طویل عرصہ سے درپیش امن عامہ کے مسائل پر طویل غور وغوض ہوا اور اس تناظر میں جماعت اسلامی کا آئندہ کا لائحہ عمل تشکیل دینے کے بارے میں بھی حکمت عملی کا جائزہ لیا گیا۔ جماعت اسلامی کے پی کے رہنماؤں نے امیر جماعت اسلامی کو مجموعی صورتحال سے متعلق آگاہ کیا۔ امیر جماعت اسلامی نے واضح کیا کہ جماعت اسلامی کے پی سمیت ملک بھر میں جمہوری اقدار کے تحفظ، افغانستان سے تعلقات اور کے پی میں قیام امن سے متعلق واضح اور دوٹوک موقف رکھتی ہے۔ جماعت اسلامی کا ملک کی تمام اکائیوں کے عوام کو حقوق اور یکساں مواقعوں کی فراہمی سے متعلق بھی موقف بہت واضح ہے۔ انہوں نے پٹرولیم لیوی کے خلاف جاری احتجاج کے بارے میں بات کرتے ہوئے قائدین جماعت اسلامی کو ہدایت کی کہ اس سلسلہ میں جاری دستخطی مہم کو مزید تیز کیا جائے اور احتجاج کے دوسرے مرحلے کی بھی بھرپور تیاری کی جائے۔ حافظ نعیم الرحمن کا کہنا تھا کہ جماعت اسلامی عوام کے حقوق پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گی۔ ہم پٹرولیم لیوی کا مکمل خاتمہ چاہتے ہیں۔

بقیہ نمبر 8

دفتر خارجہ ترجمان کے مطابق پاکستانی وفد کی قیادت وزارت خارجہ کے یورپ ڈویژن کی ایڈیشنل سیکرٹری عائشہ علی نے کی، جبکہ لتھوانیا کے وفد کی سربراہی نائب وزیر وداماناس وربیکاس نے کی۔ اجلاس کے دوران فریقین نے مختلف شعبوں میں پاکستان اور لتھوانیا کے دوطرفہ تعلقات کا جائزہ لیا اور تعلقات میں ہونے والی مثبت پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا، دونوں جانب سے باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے اور دوطرفہ روابط کو مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ مشاورت کے دوران عوامی روابط کو آسان بنانے کے لیے ممکنہ اقدامات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا، اس موقع پر لتھوانیا کے وفد نے علاقائی امن و استحکام کے فروغ میں پاکستان کے تعمیری کردار کو سراہا۔ ترجمان کا مزید کہنا تھا کہ دونوں ممالک نے دوطرفہ روابط کا تسلسل برقرار رکھنے اور باہمی دلچسپی کے امور پر قریبی رابطہ جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔

بقیہ نمبر 9

انعقاد کیا گیا۔ اس اہم علمی و تحقیقی سرگرمی میں ممتاز قومی شخصیات، ماہرینِ تعلیم، پالیسی سازوں، محققین، شماریات دانوں، ٹیکنالوجی کے ماہرین اور صنعتی اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ کانفرنس کا مقصد شماریات، ڈیٹا اینالیٹکس اور مصنوعی ذہانت کے جدید رجحانات کو اجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ جامعات، صنعتی اداروں اور سرکاری تنظیموں کے درمیان تعاون کو فروغ دینا اور پاکستان کی ڈیجیٹل معیشت کے لیے تربیت یافتہ افرادی قوت کی تیاری کی اہمیت کو نمایاں کرنا تھا۔ کانفرنس کی قیادت ڈاکٹر عمارہ نواز چیمہ، چیئرپرسن شعبہ شماریات و ڈیٹا اینالیٹیکل سائنسز اور چیئرپرسن کانفرنس نے کی۔ ان کی سربراہی میں منعقد ہونے والی اس علمی سرگرمی نے تحقیق، جدت اور علمی مہارتوں کو صنعت کی ضروریات سے ہم آہنگ کرنے کے لیے ایک مؤثر پلیٹ فارم فراہم کیا۔ تقریب میں ڈاکٹر طاہر نور، سیکرٹری پلاننگ کمیشن؛ ایئر مارشل (ر) عبدالحمید خان، HI(M)، وائس چانسلر ایئر یونیورسٹی؛ پروفیسر ڈاکٹر تصور حیات، TI، SI، وائس چانسلر یونیورسٹی آف سرگودھا؛ ڈاکٹر غلام علی ملاح، چیئرمین انٹر بورڈز کوآرڈینیشن کمیشن (IBCC)؛ اور پروفیسر ڈاکٹر محمد عاطف، ڈین فیکلٹی آف بیسک اینڈ اپلائیڈ سائنسز سمیت ممتاز ماہرینِ تعلیم، محققین اور صنعتی نمائندگان نے شرکت کی۔ شعبۂ شماریات و ڈیٹا اینالیٹیکل سائنسز کی نمایاں کامیاب کانفرنس کا ایک اہم پہلو ایئر یونیورسٹی کے شعبۂ شماریات و ڈیٹا اینالیٹیکل سائنسز کی علمی و پیشہ ورانہ ترقی اور اس کی صنعت سے ہم آہنگ تعلیم کے وژن کو اجاگر کرنا تھا۔ جدید دور میں شماریات، ڈیٹا سائنس اور مصنوعی ذہانت کی بڑھتی ہوئی اہمیت کے پیش نظر شعبہ ایسے گریجویٹس کی تیاری پر توجہ دے رہا ہے جو جدید تجزیاتی مہارتوں، مسئلہ حل کرنے کی صلاحیت اور عملی علم سے آراستہ ہوں۔ شعبے کا تعلیمی وژن طلبہ کو محض ملازمت کے حصول تک محدود رکھنے کے بجائے انہیں تحقیق، ٹیکنالوجی، کاروبار اور جدت کے میدانوں میں مؤثر کردار ادا کرنے کے قابل بنانا ہے، تاکہ وہ مستقبل میں کامیاب پیشہ ور افراد کے ساتھ ساتھ کاروباری مواقع پیدا کرنے اور روزگار فراہم کرنے والے افراد بھی بن سکیں۔ شماریات، ڈیٹا اینالیٹکس اور مصنوعی ذہانت کا امتزاج مالیات، صنعت، تحقیق،

بقیہ نمبر 10

سینٹر بین الاقوامی معیار اور بہترین عالمی طریقہ کار کے مطابق کام کرے گا۔ چیئرمین ایس ای سی پی ڈاکٹر کبیر احمد سدھو نے چیئرمین نادرا کو آئی ٹی اصلاحات اور آرٹیفیشل انٹیلی جنس کے استعمال پر بریفنگ دی، خدمات کی فراہمی میں بہتری اور کاروباری آسانی کے لیے جدید ٹیکنالوجیز کا استعمال بڑھایا جا رہا ہے۔ کیپٹل مارکیٹ کے تمام اداروں کو سائبر خطرات سے نمٹنے کے لیے ایک مشترکہ فریم ورک میں شامل کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 11

اطراف نو پارکنگ زونز میں کھڑی گاڑیوں، ناجائز تجاوزات اور ٹریفک کی روانی متاثر کرنے والی ہتھ ریڑھیوں کے خلاف کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران متعدد خلاف ورزی کرنے والوں کو حراست میں لے کر تھانہ سٹی منتقل کر دیا گیا، جہاں ان کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ پولیس نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ مقررہ پارکنگ استعمال کریں، فٹ پاتھ پیدل چلنے والوں کے لیے کھلے رکھیں اور ٹریفک قوانین کی پابندی کریں

بقیہ نمبر 12

سماجی، صحافتی وکاروباری شخصیات، اہلیان علاقہ اور عزیز واقارب نے کثیر تعداد میں شرکت کی اور دعا کی کہ اللہ پاک مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام اور پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمائیں، آمین، ثم آمین

بقیہ نمبر 13

علاوہ مذہبی، سیاسی، سماجی، کاروباری، صحافتی شخصیات، اہلیان علاقہ اور عزیز واقارب نے کثیر تعداد میں شرکت کی اور نوبیاہتا جوڑے کو مبارکباد دیتے ہوئے انکے لئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا

بقیہ نمبر 14

میں مری میں غیر قانونی تعمیرات کے خلاف جاری آپریشن اور اس حوالے سے کیے جانے والے اقدامات کا جائزہ لیا گیا، اجلاس کے دوران مری میں غیر قانونی تعمیرات کی روک تھام اور متعلقہ قوانین پر عمل درآمد یقینی بنانے کے امور زیر غور آئے اس موقع پر جاری آپریشن کی پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے شہر میں تعمیراتی ضوابط کی پابندی یقینی بنانے کی اہمیت پر بھی توجہ دی گئی، اجلاس میں مری کی قدرتی خوبصورتی، شہری نظم و نسق اور تعمیراتی منصوبہ بندی کو برقرار رکھنے کے لیے غیر قانونی تعمیرات کی روک تھام کو اہم قرار دیا گیا، بعدازاں ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن اوپن ڈور پالیسی کے تحت ڈی سی آفس میں شہریوں کے انفرادی و اجتماعی مسائل سنے اور ان کے فوری حل کے لیے متعلقہ افسران کو موقع پر ہی ضروری احکامات جاری کیے

بقیہ نمبر 15

شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) سربراہی اجلاس کی تیاریوں اور کامیاب انعقاد پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں اے سی سی او آر گروپ کے ایشیائی خطے کے ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ ڈوکومن ٹم پال سمیت شعبہ میزبانی اور رئیل اسٹیٹ سے وابستہ نمایاں سرمایہ کاروں اور ڈویلپرز نے شرکت کی۔ اسلام آباد کے معروف ہوٹلوں، بشمول میریٹ، سرینا، موو ان پک، بیسٹ ویسٹرن اور رامڈا کے جنرل منیجرز اور نمائندگان بھی ملاقات میں شریک ہوئے۔ ملاقات کا بنیادی مقصد ایس سی او سربراہی اجلاس 2027 کی کامیاب میزبانی کے لیے ہوٹل انڈسٹری کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور وفاقی دارالحکومت میں میزبانی کے معیار کو بین الاقوامی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے تیاریوں کا جائزہ لینا تھا۔ اس موقع پر اے سی سی او آر گروپ کے ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ ڈوکومن ٹم پال نے اسلام آباد کو سیاحت اور کاروبار کے لیے ایک مثالی شہر بنانے کے سلسلے میں سی ڈی اے کی کاوشوں کو سراہا۔ سی ڈی اے کے اقدامات کا مقصد شہر میں شعبہ میزبانی کو مزید مستحکم کرنا اور اس کی سہولیات کو عالمی معیار کے مطابق ڈھالنا ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے وچیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف نے کہا کہ اسلام آباد میں شعبہ میزبانی کے فروغ اور موجودہ سہولیات کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد تیزی سے سیاحتی مرکز کے طور پر ابھر رہا ہے، جس کے پیش نظر جدید اور بین الاقوامی معیار کے حامل شعبہ میزبانی کی ترقی انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے نے مزید کہا کہ سرمایہ کاروں کو سہولیات فراہم کرنے اور شعبہ میزبانی کی ترقی و جدید کاری میں نجی شعبے کی شمولیت کو فروغ دینے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ اسلام آباد میں میزبانی کی سہولیات کو بین الاقوامی معیار کے مطابق بنانے اور ایس سی او سربراہی اجلاس 2027 سمیت اہم عالمی تقریبات کی کامیاب میزبانی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 16

گرینڈ آپریشن کی تیاریاں تیزی سے جاری ہیں ذرائع کے مطابق متعلقہ حکام وشنکیاری انتظامیہ کے افسران کے درمیان مشاورت کا عمل جاری ہے جبکہ کسی بھی دن و کسی بھی وقت شنکیاری کے بازاروں میں تجاویزات کے خلاف گرینڈ آپریشن شروع ہونے کا امکان ہے ذرائع کے مطابق بعض تاجروں نے نقصان کے اندیشے کے پیش نظر رضا کارانہ طور پر قبل از وقت تجاویزات ہٹانی شروع کردی ہیں

بقیہ نمبر 17

سمیت راولاکوٹ، آزاد کشمیر اور پاکستان سے تعلق رکھنے والی مختلف سیاسی وسماجی شخصیات نے شرکت کی۔ عشائیے کے موقع پر ڈاکٹر نجیب نقی نے کشمیر کی موجودہ صورتحال، خطے کے سیاسی حالات اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلۂ خیال کیا۔ شرکاء نے بھی کشمیر کے معاملات اور سیاسی وسماجی امور پر گفتگو کی۔ میزبان سید اسد شاہ گیلانی نے ڈاکٹر نجیب نقی اور دیگر معزز مہمانوں کی آمد پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے شرکاء کی شرکت، محبت اور قیمتی وقت دینے پر اظہارِ تشکر کرتے ہوئے کہا کہ مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والی سیاسی وسماجی شخصیات کی شرکت ان کے لیے باعثِ اعزاز ہے۔ تقریب خوشگوار ماحول میں منعقد ہوئی، جس میں باہمی روابط کے فروغ اور کشمیر کی صورتحال کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا

بقیہ نمبر 18

شوکت میو، سیکرٹری نشر و اشاعت افتخار نتھی میو، سیکرٹری فنانس سیکرٹری عامر عثمان میو، سمیت دیگر عہدے داروں نے شرکت کی صدر راؤ سرفراز میو، نے باہمی مشاورت کے ساتھ تنظیم کی بہتری اور مضبوطی کے لیے پانچ کمیٹیاں تشکیل دی مصالحتی کمیٹی کا کنوینر ناصر محمود کو مقرر کیا جبکہ پاکستان لیول پر سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں سے رابطے اور ملاقاتیں کر کے پاکستان بھر میں تنظیم کو متعارف کروانے کے لیے سیاسی کمیٹی کے کنوینر راؤ سرفراز خود ہوں گے عدالتوں میں تنظیم کے قانونی معاملات کی نگرانی کے لیے منصور اسحاق لیگل کمیٹی کے کنوینر ہوں گے جبکہ تنظیم کے اغراض ومقاصد کی تشہیر اور انجمن کے اجلاسوں کو الیکٹرونک پرنٹ میڈیا اور سوشل میڈیا میں کوریج دینے کے لیے میڈیا کمیٹی کے کنوینر افتخار نتھی میو ہوں گے اجلاس کے شرکاء نے میو برادری کی پہلی بڑی فلاحی رجسٹرڈ تنظیم انجمن اتحاد ترقی میوات کو رینیول کروانے اور گزشتہ 28 سال سے پینڈنگ اڈیٹ مکمل کروانے پر سرپرست اعلی پروفیسر اسحاق میو اور صدر راؤ سرفراز علی کو زبردست خراج تحسین پیش کیا شرکاء نے الیکشن کمیٹی کو صاف شفاف اور غیر جانبدار الیکشن کروانے پر زبردست تحسین پیش کیا صدر راؤ سرفراز علی تنظیم کو پنجاب لیول ضلع اور تحصیل کی سطح پر فعال کرنے کے لیے عہدے داروں کو ہدایت جاری کیں تنظیم کی مزید بہتری اور قوم کی فلاح وبہبود کے لیے صدر نے پانچ قرار دادیں پیش کی جو کابینہ نے متفقہ طور پر منظور کرلیں اجلاس میں سینئر نائب صدر ناصر محمود نائب صدر چودھری نیامت علی نائب صدر رشید ناصر رشید نائب صدر منصور اسحاق ڈپٹی سیکرٹری زاہد مشتاق سنگار یہ صدر لاہور محمد ذیشان بھی شریک تھے

بقیہ نمبر 19

ایمونیشن برآمد۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کی جانب سے وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں۔ اس سلسلے میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مختلف کارروائیوں کے نتیجے میں 65 ملزمان کو گرفتار کیا گیا، جن میں راہزنی، موٹر سائیکل چوری اور گھریلو چوری کی وارداتوں میں ملوث تین گروہوں کے پانچ ارکان بھی شامل ہیں۔ پولیس ٹیموں نے گرفتار ملزمان کے قبضے سے چھینے گئے 19 قیمتی موبائل فونز، طلائی زیورات، نقدی، نو مسروقہ موٹر سائیکلیں اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔ اسی طرح غیر قانونی اسلحہ رکھنے اور اس کی نمائش میں ملوث 10 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے 10 پستول معہ ایمونیشن برآمد کیے گئے۔

بقیہ نمبر 20

کے بروقت ازالے کے لیے ڈی آئی جی آفس میں روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہری کا انعقاد کیا جا رہا ہے تاکہ شہریوں کو مؤثر ریلیف فراہم کیا جاسکے

بقیہ نمبر 21

میں پیش کر دیا گیا، پولیس کی جانب سے کی گئی کارروائی کو علاقہ مکینوں، عمائدین اور سول سوسائٹی نے سراہتے ہوئے فیصل اعوان اور ان کی ٹیم کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ایسے اقدامات سے عوام کا پولیس پر اعتماد مضبوط ہوتا ہے، جبکہ انہوں نے امید ظاہر کی کہ پولیس آئندہ بھی زیر التوا مقدمات کے حل اور جرائم کے خاتمے کے لیے مؤثر اقدامات جاری رکھے گی

بقیہ نمبر 22

زیر نگرانی سب انسپکٹر عمران مسعود، سب انسپکٹر سردار شاہد اور راجہ مستنصر پر مشتمل ٹیم نے شہر کے مختلف داخلی و خارجی راستوں اور اہم چوکوں پر ناکہ بندی کر کے گاڑیوں کی کڑی جانچ پڑتال کی۔ اس مہم کا مقصد صوتی آلودگی کا خاتمہ، فینسی نمبر پلیٹس کے رجحان کو روکنا اور شاہراہوں پر محفوظ ڈرائیونگ کا ماحول پیدا کرنا تھا۔

کہوٹہ کے عوامی، تجارتی اور سماجی حلقوں نے ٹریفک پولیس کے اس مؤثر اور بلاتفریق اقدام کا بھرپور خیر مقدم کرتے ہوئے ڈی ایس پی زاہد ستی، ٹریفک انچارج راجہ کلیم اور ان کی پوری ٹیم کی کارکردگی کو سراہا اور انہیں خراج تحسین پیش کیا۔ شہریوں کا کہنا تھا کہ ایسے کریک ڈاؤن سے ٹریفک کے بہاؤ میں بہتری اور روڈ حادثات کی روک تھام میں مدد ملے گی۔ عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا کہ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور قانون کی بالادستی کے لیے یہ مہم مستقبل میں بھی مسلسل جاری رکھی جائے۔

بقیہ نمبر 24

کے درمیان ادارہ جاتی روابط کو مضبوط بنانا ہے۔ مفاہمتی یادداشت پر بارانی زرعی یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر قمرالزمان اور مالدیپ نیشنل یونیورسٹی کی وائس چانسلر ڈاکٹر عائشہ شہناز آدم نے دستخط کیے۔ اس موقع پر چیئرمین ہائر ایجوکیشن کمیشن پروفیسر ڈاکٹر نیاز احمد اختر (ستارۂ امتیاز) بھی موجود تھے۔ معاہدے کے تحت نصاب کی ترقی، اساتذہ کی پیشہ ورانہ استعداد میں اضافہ، علم و تجربات کا تبادلہ اور زراعت و متعلقہ شعبوں میں سائنسی تعاون کو فروغ دیا جائے گا۔ اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر قمرالزمان نے کہا کہ یہ مفاہمتی یادداشت بین الاقوامی تعلیمی تعاون کو مضبوط بنانے اور معیاری تعلیم، تحقیق اور جدت کے فروغ کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مالدیپ نیشنل یونیورسٹی کے ساتھ تعاون سے علم و تجربات کے تبادلے، اساتذہ کی استعداد کار میں اضافے اور مشترکہ تعلیمی اقدامات کو فروغ ملے گا۔ مالدیپ نیشنل یونیورسٹی کی وائس چانسلر ڈاکٹر عائشہ شہناز آدم نے اس شراکت داری کو تعلیمی مہارتوں کے فروغ، ادارہ جاتی استعداد میں اضافے اور زرعی تعلیم و ترقی کو درپیش نئے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے علم کے تبادلے کا اہم ذریعہ قرار دیا۔ پیر مہر علی شاہ بارانی زرعی یونیورسٹی کے ڈین فیکلٹی آف ایگریکلچر اور مالدیپ کے ساتھ تعاون کے فوکل پرسن پروفیسر ڈاکٹر اعظم خان نے دونوں جامعات کے درمیان اس شراکت داری کو عملی شکل دینے اور تعلیمی روابط کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا

بقیہ نمبر 25

کے قیام کی منظوری دے دی، اس کا جنرل سیکرٹریٹ اور ایگزیکٹو آفس ریاض میں قائم کیا جائے گا۔۔ کونسل کا مقصد رکن ملکوں میں سائبر سیکورٹی کو مضبوط بنانا، ان کے حیاتیاتی مفادات اور قومی سلامتی کی حفاظت کرنا، باہمی تعاون کو فروغ دینا اور سائبر سیکورٹی سے متعلق بین الاقوامی تنظیموں میں رکن ممالک کے مفادات کے تحفظ کی کوششوں کو مربوط بنانا ہے۔ اس فیصلے کے تحت یہ کونسل اسلامی تعاون تنظیم کے تحت ایک ذیلی ادارہ اور تنظیم کی چھتری تلے سائبر سیکورٹی سے متعلق موضوعات کا احاطہ کرے گی۔ اس میں رکن ممالک کی سائبر سیکورٹی سے متعلقہ باڈی شامل ہوں گی اور اس کے جنرل سیکرٹریٹ اور ایگزیکٹو آفس کی صدارت میزبان ملک سعودی عرب کے نمائندے کریں گے۔ نیشنل سائبر سیکورٹی اتھارٹی کے گورنر انجینئر ماجد بن محمد المزید نے وضاحت کی کہ یہ اقدام عالمی سطح پر سائبر خطرات میں اضافے اور ممالک کے حیاتیاتی مفادات، حساس بنیادی ڈھانچے، ترجیحی شعبوں اور حکومتی خدمات کے لیے ان کے درپیش خطرات کے تناظر میں سامنے آیا ہے۔ انجینئر ماجد نے اس بات پر زور دیا کہ یہ چیلنجز تنظیم کے ممالک میں سائبر سیکورٹی کو تقویت دینے کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہیں، سائبر سیکورٹی معیشتوں کی نمو اور معاشروں کی خوشحالی کے لیے ایک بنیادی عنصر اور بین الاقوامی امن وامان کے تحفظ کے نظام کا ایک ستون ہے۔ انہوں نے مملکت میں سائبر سیکورٹی کے شعبے کو قیادت کی طرف سے ملنے والی سرپرستی کو سراہا اور وزیر مملکت اور رکن کابینہ ڈاکٹر مساعد بن محمد العیبان کی سربراہی میں اتھارٹی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ارکان کی نگرانی کی تعریف کی۔ انہوں نے کہا کہ کونسل کے ہیڈ کوارٹرز کے لیے ریاض کی میزبانی بین الاقوامی پہل کاریوں اور منصوبوں کی قیادت میں سعودی عرب کے کردار پر اعتماد کی عکاسی کرتی ہے اور سائبر سپیس کے استحکام کو فروغ دینے اور ممالک کے درمیان تعاون کو تیار کرنے میں اس کے تجربات سے فائدہ اٹھانے کا مظہر ہے

بقیہ نمبر 26

کا امکان، تفصیلات کے مطابق آزاد کشمیر کے دارالحکومت مظفرآباد میں 136 روز کی طویل بندش کے بعد سم انٹرنیٹ سروس بحال ہوگئی ہے ذرائع کے مطابق جن علاقوں میں تاحال سروس بحال نہیں ہوئی وہاں کے صارفین بھی اس امید کے ساتھ منتظر ہیں کہ بندش کا شکار سم نیٹ سروس ان کے علاقوں بھی جلد بحال ہو جائے گی واضح رہے کہ دارالحکومت میں ڈی ایس ایل اور فائبر وائی فائی انٹرنیٹ سروس پہلے ہی فعال ہے اور صارفین کی اکثریت اس سہولت سے خوب مستفید ہو رہے ہیں

بقیہ نمبر 27

کی قیمتوں کا جائزہ لیا گیا جبکہ جنرل اسٹورز کی بھی جانچ پڑتال کی گئی۔ کارروائی کے دوران پیرا ایپلی کیشن کے ذریعے مجموعی طور پر 52 ہزار روپے کے آن لائن جرمانے عائد کیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق پیرا فورس کے انفورسمنٹ آفیسر و پرائس کنٹرول مجسٹریٹ ابتسام زبیر نے عملے کے ہمراہ گوجر خان میں مختلف مقامات پر قیمتوں کی جانچ پڑتال کی اور اشیائے ضروریہ کے سرکاری نرخ ناموں پر عملدرآمد کا جائزہ لیا۔ اس مہم کا مقصد ناجائز منافع خوری کی روک تھام، مقررہ نرخوں کی پابندی یقینی بنانا اور شہریوں کو ریلیف فراہم کرنا ہے

بقیہ نمبر 28

سے ملاقات کی، جس میں پاکستان کے معدنی وسائل کو تجارتی منصوبوں میں تبدیل کرنے، پاکستان میں امریکی سرمایہ کاری کے فروغ، جدید ٹیکنالوجی کی منتقلی اور خریداروں و فروخت کنندگان کے درمیان براہ راست روابط قائم کرنے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں تانبے، سونے، قیمتی پتھروں، نایاب زمینی عناصر اور صنعتی معدنیات کے وسیع ذخائر سے استفادے کے امکانات کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر صدر ایف پی سی سی آئی عاطف اکرام شیخ نے کہا کہ پاکستان کا کان کنی کا شعبہ کھربوں ڈالر کی غیر استعمال شدہ صلاحیت رکھتا ہے۔ ایف پی سی سی آئی پاکستانی کان کنوں اور امریکی سرمایہ کاروں کے درمیان شفاف، قابل اعتماد اور کاروبار دوست رابطے کا ذریعہ بننے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ معدنیات کے شعبے میں تعاون محض کان کنی تک محدود نہیں بلکہ اس کا مقصد روزگار کے مواقع پیدا کرنا، معدنی وسائل میں ویلیو ایڈیشن کو فروغ دینا اور برآمدات پر مبنی اقتصادی ترقی کو تیز کرنا ہے۔ ایف پی سی سی آئی کی کمیٹی برائے معدنیات کی تجارت، سرمایہ کاری و مارکیٹنگ کے کنوینر محمد عادل عبید نے امریکی حکام کو سرمایہ کاری کے لیے تیار منصوبوں پر بریفنگ دی۔ انہوں نے معدنیات کی تلاش کے لیے جدید طریقہ کار، پروسیسنگ کی جدید سہولیات اور مؤثر سپلائی چین کی ترقی کی ضرورت پر زور دیا۔ امریکی سفارت خانے کے حکام نے ایف پی سی سی آئی کے منظم طریقہ کار کو سراہتے ہوئے ادارہ جاتی رابطوں کو مستقل بنیادوں پر فروغ دینے کے امکانات تلاش کرنے پر اتفاق کیا۔ اس مقصد کے لیے ایف پی سی سی آئی کے کیپٹل آفس کو مرکزی رابطہ اور سہولت کاری مرکز کے طور پر فعال کرنے کی تجویز بھی زیر غور آئی۔

بقیہ نمبر 29

مطابق اپوزیشن لیڈر اپنے الزامات ثابت کرنے میں ناکام رہے، ٹرائل کے دوران معین قریشی نے خود تسلیم کیا کہ ان کے پاس الزامات کے ثبوت موجود نہیں تھے۔ عظمٰی بخاری نے معین قریشی کے خلاف آٹھ کروڑ چالیس لاکھ روپے ہرجانے کا دعویٰ دائر کیا تھا، مقدمہ ڈیفیمیشن ایکٹ کے تحت لاہور کے ڈیفیمیشن ٹریبونل میں دائر کیا گیا، عظمٰی بخاری نے یہ دعویٰ معین قریشی کی جانب سے ایک نجی ٹی وی پروگرام میں دیئے گئے بیان پر کیا تھا۔ اپوزیشن لیڈر پنجاب اسمبلی معین ریاض قریشی نے الزام عائد کیا تھا کہ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کے پنجاب اسمبلی کے دورے کے موقع پر عظمٰی بخاری نے سو سے دو سو افراد کو اسمبلی کے اندر داخل کروایا۔ عظمٰی بخاری نے ان الزامات کو ہتک عزت قرار دیتے ہوئے قانونی چارہ جوئی کی، ڈیفیمیشن ٹریبونل نے عظمٰی بخاری کے حق میں فیصلہ سناتے ہوئے معین ریاض قریشی کو 30 لاکھ روپے ہرجانہ ادا کرنے کا حکم دے دیا۔ لاہور ہائیکورٹ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عظمٰی بخاری کے وکیل علی بخاری نے کہا کہ عدالت نے ہمارے حق میں فیصلہ دیا ہے، اپوزیشن لیڈر نے جھوٹے الزامات عائد کیے جنہیں وہ ثابت نہیں کرسکے، علی بخاری کے مطابق مقدمے کی سماعت کے دوران معین قریشی نے مؤقف اختیار کیا کہ ان کے پاس الزامات کے ثبوت موجود نہیں اور انہوں نے یہ بیان اپنی ذاتی آبزرویشن کے طور پر دیا تھا۔ عظمٰی بخاری کے وکیل علی بخاری کا کہنا تھا کہ کسی پر الزام لگانے کے لیے ٹھوس شواہد ضروری ہیں، اپوزیشن لیڈر اپنے دعوے کو ثابت کرنے میں ناکام رہے، آج حق اور سچ کی فتح ہوئی جھوٹ بولنے والے کو اب حساب دینا ہوگا

بقیہ نمبر 30

جس کے نتیجے میں برینٹ کروڈ کی قیمت تقریباً پانچ ماہ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی ہے۔ برینٹ کروڈ کے مستقبل کے سودے 55 سینٹس (0.50 فیصد) اضافے کے ساتھ 110.10 ڈالر فی بیرل پر بند ہوئے، جبکہ اس سے قبل یہ 110.70 ڈالر فی بیرل تک پہنچ گئے تھے جو 20 مئی کے بعد سب سے بلند ترین سطح ہے۔ امریکی ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ (WTI) کے نومبر ڈیلیوری کے معاہدے 24.0 فیصد اضافے سے 91.103 ڈالر جبکہ دسمبر کے معاہدے 39 سینٹس اضافے کے ساتھ 93.98 ڈالر فی بیرل پر پہنچ گئے۔ یمن کے حوثی باغیوں نے دعویٰ کیا ہے کہ انہوں نے سعودی عرب کی توانائی، ہوائی اڈوں اور فوجی اہداف پر متعدد حملے کیے ہیں، جن میں ینبع میں واقع آرامکو (Aramco) تنصیب، شیبہ آئل فیلڈ، ریاض کا کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ اور ابہا ایئرپورٹ شامل ہیں۔ تاہم، سعودی حکام نے ابھی تک ان دعوؤں کی باضابطہ تصدیق نہیں کی ہے۔ اس کے علاوہ شپ ٹریکنگ ادارے کپلر ※ (Kpler) کا کہنا ہے کہ گزشتہ دو ہفتوں کے دوران خلیج کے خطے میں کم از کم 18 بحری جہازوں پر حملے کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں، جس سے سپلائی متاثر ہونے کے خدشات اور خطرے کا تناسب (Risk Premium) برقرار ہے۔ آئی این جی (ING) کے تجارتی تجزیہ کاروں کے مطابق، مشرقِ وسطیٰ میں کشیدگی کی وجہ سے عالمی منڈی میں خطرے کے عوامل نمایاں ہیں اور قیمتوں کو مسلسل سہارا مل رہا ہے۔ دوسری طرف، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے روسی توانائی اور سامان پر کچھ پابندیوں کی رعایت سے متعلق حتمی فیصلہ اب بھی التوا کا شکار ہے، جس کی وجہ سے تاجروں کی تمام تر توجہ مشرقِ وسطیٰ کے بحران اور توانائی کے بنیادی ڈھانچے کو پہنچنے والے خطرات پر مرکوز ہے

بقیہ نمبر 31

ڈیمانڈ پر پیش رفت اور منظور شدہ مطالبات پر عمل درآمد سمیت اہم تنظیمی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں سی ڈی اے مزدور یونین کے جنرل سیکرٹری چوہدری محمد یٰسین، سرپرستِ اعلیٰ حاجی صابر، مزدور رہنما صوفی محمود علی، سردار نسیم ممتاز، اظہار عباسی، سید مقبول شاہ، اظہر خان تنولی، چوہدری واجد گجر، چوہدری زاہد، صفدر عباسی، چوہدری انور، وقار خان، ساجد رشید، زاہد بھٹی، ملک دلشاد، وارث دلیپ، چوہدری شہزاد اختر، راجہ رحیم نواز، ارشاد گجر، ملک اشرف اعوان، راجہ غلام مرتضیٰ، سردار جاوید، سید ارشاد شاہ اور امتیاز عباسی سمیت سی بی اے کمیٹیوں کے نمائندگان، باڈی ممبران اور سی ڈی اے ملازمین نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ اجلاس میں ملازمین کے پلاٹوں کی الاٹمنٹ کے معاملے پر تفصیلی غور کیا گیا

بقیہ نمبر 32

عائد کی تھی۔ ترجمان نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) کے مطابق جعلی امریکی ڈاک ٹکٹ فروخت کرنے والا مرکزی ملزم فہیم اکرم 2023 سے جعلی ویب سائٹ کے ذریعے ٹکٹ فروخت کر رہا تھا اور اب تک 50 لاکھ سے زائد جعلی ڈاک ٹکٹ فروخت کرنے کا انکشاف ہوا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ فراڈ کے لیے خاندان کے 16 بینک اکاؤنٹس استعمال کیے گئے، ملزم کی گرفتاری کے لیے 10 روز تک خصوصی لوکیٹر آپریشن جاری رہا، 47 افراد سے پوچھ گچھ کی گئی اور 122 کال ریکارڈز کا تجزیہ کیا گیا۔ ترجمان این سی سی آئی اے نے بتایا کہ ایڈیشنل ڈائریکٹر عاطف امیر کی نگرانی میں 8 خصوصی ٹیموں نے کارروائی کی، پنجاب، اسلام آباد اور سندھ میں 35 مقامات پر چھاپے مارے، اس حوالے سے مقدمہ درج کرکے مزید تحقیقات جاری ہیں۔ ڈائریکٹر جنرل این سی سی آئی اے سید علی ناصر رضوی نے کہا کہ سائبر جرائم اور ڈیجیٹل فراڈ میں ملوث عناصر کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل جاری ہے، عوام ایسے فراڈ کی اطلاع ہیلپ لائن 1799 پر دیں۔ قبل ازیں رواں ماہ کے شروع میں امریکی ریاست فلوریڈا کی فیڈرل عدالت میں خانیوال کے 33 سالہ فہیم اکرم پر امریکی ادارے کے ساتھ 126 ملین ڈالر کا فراڈ کرنے کے الزام میں فرد جرم عائد کی تھی۔ امریکی محکمہ انصاف نے بتایا تھا کہ فہیم اکرم نے LabelsBank.com نامی ویب سائٹ بنا رکھی تھی جو جعلی امریکی پوسٹل ٹکٹ فروخت کرتی تھی، ملزم ہر پارسل کا ٹکٹ صرف 2 ڈالر میں فروخت کرتا تھا چاہے پارسل کا وزن اور سائز کچھ بھی ہو۔ مزید بتایا گیا تھا کہ ویب سائٹ سے 200,5 سے زائد صارفین نے 51 لاکھ سے زائد جعلی ٹکٹ خریدے گئے اور اس فراڈ سے امریکی محکمہ ڈاک کو 12 کروڑ 60 لاکھ ڈالر (38 ارب پاکستانی روپے) سے زائد کا نقصان ہوا

بقیہ نمبر 33

کے نوٹیفکیشن کو غیر قانونی، بدنیتی پر مبنی اور غیر آئینی قرار دینے کی استدعا کی گئی ہے۔ درخواست میں آئین کے آرٹیکل 232 اور 234 کے تحت جاری نوٹیفکیشن کو چیلنج کیا گیا ہے۔ درخواست میں وفاق، صدر پاکستان، گورنر خیبر پختونخوا، حکومت خیبر پختونخوا اور دیگر متعلقہ حکام کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست میں مقف اپنایا گیا ہے کہ ہنگامی حالت کے غیر معمولی اختیارات آئین کے تابع ہیں اور ان کا عدالتی جائزہ لیا جاسکتا ہے، لہٰذا فریقین کو ایمرجنسی اور گورنر راج کا نوٹیفکیشن واپس لینے کی ہدایت کی جائے

بقیہ نمبر 34

خواخود ان مذاکرات کی کامیابی میں بڑی رکاوٹ بنے رہے آفتاب احمد شیرپاؤ نے صوبے کی انتظامی صورت حال پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ خیبر پختونخوا میں حکومت نام کی کوئی چیز موجود نہیں تھی اور عوام کی جان و مال کے تحفظ کا کوئی ذمہ دار نہیں رہا تھا یہی وجہ ہے کہ صوبے میں ایمرجنسی کا نفاذ ایک ناگزیر مجبوری بن چکا تھا انہوں نے زور دیا کہ اب سب سے پہلی ترجیح عوام کا اعتماد بحال کرنا ہونی چاہیے اور گورنر راج کے تحت پیدا شدہ بے یقینی کے خاتمے کے ساتھ ساتھ دہشت گردی میں کمی لانے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر عملی اقدامات کیے جائیں

بقیہ نمبر 35

کے تحت اہل دیگر افراد کو جاری کیا جاتا ہے۔ سرکاری بلیو پاسپورٹ کا مقصد سرکاری حیثیت رکھنے والے افراد کے بیرونِ ملک سفر کو متعلقہ ضابطوں کے مطابق ممکن بنانا ہے۔ یہ ایک عام شہری کے پاسپورٹ سے اس اعتبار سے مختلف ہے کہ بعض ممالک کے ساتھ پاکستان کے معاہدوں کے تحت آفیشل پاسپورٹ رکھنے والوں کو ویزا سے استثنیٰ یا مخصوص سفری سہولتیں مل سکتی ہیں۔ یہ بات اہم ہے کہ بلیو پاسپورٹ، سفارتی یا ڈپلومیٹک پاسپورٹ سے الگ ہوتا ہے۔ اسے رکھنے کا مطلب یہ نہیں کہ ہر ملک میں بغیر ویزا داخلے کی اجازت، سفارتی استثنیٰ یا ہر ہوائی اڈے پر خصوصی پروٹوکول خودبخود حاصل ہو جائے گا۔ ہر ملک کے اپنے قواعد اور پاکستان کے ساتھ طے شدہ معاہدے ہوتے ہیں۔ موجودہ پاسپورٹ رولز 2021 کے تحت سابق ارکانِ پارلیمنٹ کے لیے بلیو پاسپورٹ برقرار رکھنے کی اہلیت کے سلسلے میں پارلیمانی مدت پوری کرنے کی شرط موجود رہی ہے۔ اس کا مطلب یہ تھا کہ جو رکن اپنی مدت پوری کیے بغیر ایوان سے باہر ہو جاتا، اسے محض رکنیت اور حلف کی بنیاد پر سابق ارکان کے لیے مخصوص اس سہولت کا حق حاصل نہیں ہوتا تھا۔ اب منظور شدہ ترمیم میں پاسپورٹ ایکٹ 1974 کے اندر نئی دفعہ A-3 شامل کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ اس کے تحت قومی اسمبلی یا سینیٹ کے ایسے سابق رکن کو بھی سرکاری بلیو پاسپورٹ برقرار رکھنے اور استعمال کرنے کا حق دیا جائے گا جس نے رکن کی حیثیت سے حلف اٹھایا ہو، خواہ اس نے مکمل مدت پوری نہ کی ہو۔

بقیہ نمبر 36

کے مارے جانے کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ تھانہ رمنا کی حدود میں زیر حراست ملزم محمد نعمان پولیس ٹیم پر فائرنگ کے دوران ہلاک ہوا ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ پولیس ٹیم زیر حراست ملزم کی انکشاف اور نشان دہی پر برآمدگی کے لیے لے کر جا رہی تھی، کہ راستے میں چھپے دو موٹر سائیکل پر سوار 4 ساتھی ملزمان نے زیر حراست ملزم کو چھڑوانے کی غرض سے پولیس ٹیم پر اندھا دھند فائرنگ شروع کردی۔ انہوں نے بتایا کہ زیر حراست ملزم محمد نعمان اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے زخمی ہوا جبکہ پولیس ٹیم بلٹ پروف جیکٹس اور حفاظتی اقدامات کے باعث محفوظ رہی، زخمی ملزم کو طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کردیا گیا جہاں وہ دم توڑ گئے۔ ترجمان پولیس کا کہنا تھا کہ ملزم تھانہ رمنا کی حدود میں خودکشی کرنے والی طالبہ لائبہ اعجاز کے مقدمے کا ملزم تھا اور ان کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کے لیے سرچ آپریشنز جاری ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ملزم نعمان کا ایک بھائی اور کزنز جیل میں ہیں، ملزم نعمان اور اس کے بھائیوں پر مانسہرہ کے تھانہ سٹی میں 85 لاکھ روپے فراڈ کا مقدمہ درج ہے اور ہلاک ملزم مانسہرہ میں درج مذکورہ مقدمے میں اشتہاری تھا۔ دوسری جانب پولیس ہلاک ملزم نعمان سے فراڈ میں لوٹی گئی رقم برآمد کرنے سے حوالے سے تاحال کچھ بتانے سے قاصر ہے۔

بقیہ نمبر 37

نے کہا کہ خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے متعدد اقدامات کیے جا رہے ہیں، جبکہ طالبات کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کے لیے تمام وسائل فراہم کیے جائیں گے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے کامیاب ہونے والی طالبات کو مبارکباد پیش کی اور کہا کہ یہاں موجود ہر لڑکی کی کامیابی کے پیچھے ایک داستان ہے

بقیہ نمبر 38

نے کہا کہ خیبر پختونخوا کی سابق حکومت دہشتگردوں کے مفادات کا تحفظ کرتی رہی اور ان کے لیڈر نے ہی دہشتگردوں کو واپس لا کر آباد کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں دہشتگردی کے واقعات میں اضافہ ہو چکا تھا، جس کے بعد ایمرجنسی نافذ کرنے کا ٹھوس جواز موجود تھا۔ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کا نفاذ مکمل طور پر آئین کے مطابق کیا گیا ہے۔ عطا اللہ تارڑ کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا میں ایریا ریفارمز اینڈ ڈیولپمنٹ کونسل (اے آر ڈی سی) تشکیل دی جا چکی ہے اور صوبے میں باصلاحیت افراد پر مشتمل ایک اچھا انتظامی سیٹ اپ قائم کیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 39

وفاق، صدر پاکستان، گورنر خیبر پختونخوا، حکومت خیبر پختونخوا اور دیگر متعلقہ حکام کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست میں مقف اپنایا گیا ہے کہ ہنگامی حالت کے غیر معمولی اختیارات آئین کے تابع ہیں اور ان کا عدالتی جائزہ لیا جا سکتا ہے، لہٰذا فریقین کو ایمرجنسی اور گورنر راج کا نوٹیفکیشن واپس لینے کی ہدایت کی جائے۔

بقیہ نمبر 40

کا تحفظ اور ان کے بچوں کو معیاری تعلیم کی فراہمی حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔ مزدور کی عزت، پاکستان کی عزت ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار لیبر کمپلیکس فیز ٹو، ٹیکسلا کی تقریب سنگ بنیاد سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں وزیر مملکت برائے قانون وانصاف بیرسٹر عقیل احمد ملک، رکن صوبائی اسمبلی محسن ایوب خان، سابق رکن صوبائی اسمبلی حاجی ملک عمر فاروق، سیکرٹری ورکرز ویلفیئر فنڈ ذوالفقار احمد، مرکزی سیکرٹری اطلاعات پاکستان مسلم لیگ (ق) غلام مصطفیٰ ملک، صدر فیڈرل کیپٹل رضوان صادق، صدر خیبر پختونخوا انتخاب خان چمکنی، بورڈ ممبران، اعلیٰ حکام اور مختلف سیاسی وسماجی شخصیات بھی موجود تھیں۔۔ انہوں نے بتایا کہ لیبر کمپلیکس فیز ٹو کی مجموعی منظور شدہ لاگت 110 کروڑ 60 لاکھ روپے ہے اور منصوبہ 24 ماہ سے پہلے مکمل کیا جائے گا۔ اس کے تحت لڑکوں اور لڑکیوں کے ہائی اسکول، جونیئر پرائمری اسکول، مسجد اور منی مارکیٹ تعمیر کی جائے گی۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ لیبر کمپلیکس ٹیکسلا میں پہلے ہی 504 فلیٹس تعمیر کیے جا چکے ہیں، جن پر 131 کروڑ 40 لاکھ روپے لاگت آئی ہے۔ ان میں سے 70 فلیٹس پاکستان آرڈیننس فیکٹریز، واہ کینٹ کے شہداء کے لیے مختص کیے گئے تھے۔ چوہدری سالک حسین نے کہا کہ ان فلیٹس کو جلد محنت کش خاندانوں کے حوالے کرنا حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔ اس سلسلے میں متعلقہ وزارتوں اور حکام کے ساتھ رابطہ جاری ہے، تاکہ ضروری کارروائی مکمل کر کے فلیٹس کی چابیاں مستحق خاندانوں کے حوالے کی جاسکیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ اس عمل کو آئندہ چند ہفتوں میں آگے بڑھانے کے لیے مؤثر پیش رفت ہوگی۔ وفاقی وزیر نے اپنے خطاب میں کہا کہ وہ سیاست کو عبادت سمجھتے ہیں اور عوامی خدمت کو اقتدار کا بنیادی مقصد تصور کرتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ سیاست دانوں کو یہ سوچ کر کام نہیں کرنا چاہیے کہ اگلی بار وزارت یا کوئی اور عہدہ ملنے پر عوام کے لیے اقدامات کیے جائیں گے، بلکہ ہر دن کو قیمتی سمجھتے ہوئے اپنی ذمہ داریاں پوری کرنی چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ اقتدار مستقل نہیں ہوتا، اس لیے جو موقع عوام کی خدمت کے لیے میسر آئے، اسے ضائع نہیں کرنا چاہیے۔ اگر کسی ایک ضرورت مند کی مشکل حل ہو جائے اور کسی ایک مستحق کی دعا مل جائے تو یہ بھی بڑی کامیابی ہے۔ چوہدری سالک حسین نے متعلقہ حکام پر زور دیا کہ منصوبے میں تعمیراتی معیار، شفافیت اور مقررہ مدت میں تکمیل کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ جب محنت کش خوشحال ہوگا تو پاکستان خوشحال ہوگا

بقیہ نمبر 41

انقلاب کا کہنا ہے کہ بارودی سرنگوں سے ٹکرا کر دونوں ٹینکروں میں آگ لگ گئی۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق ایرانی پاسداران انقلاب فورس نے واقعے کا وقت نہیں بتایا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اس بیان کے حوالے سے ابتدائی طور پر جانی اور مالی نقصانات کی کوئی تفصیل سامنے نہیں آئی ہے

بقیہ نمبر 42

میں مختلف ممالک کی اعلیٰ قیادت نے شرکت کی۔ عشائیے میں روس، قازقستان، ازبکستان اور بیلاروس کے وزرائے اعظم سمیت منگولیا کے نائب وزیر اعظم بھی شریک ہوئے، اس موقع پر ایس سی او کے اجلاس میں شرکت کرنے والے مختلف ممالک کے اعلی سطحی وفود ایک جگہ جمع ہوئے۔ نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی عشائیے میں شرکت پاکستان اور علاقائی ممالک کے درمیان اعلی سطحی سفارتی روابط کے تناظر میں اہمیت رکھتی ہے۔

بقیہ نمبر 43

38.4 اوورز میں 215 رنز بنا کر آؤٹ ہوئی پاکستان کی اننگز کا آغاز مایوس کن رہا اور فخر زمان پہلی ہی گیند پر بغیر کوئی رن بنائے آؤٹ ہو گئے جبکہ صائم ایوب 8 رنز بنا کر پویلین لوٹ گئے۔ بابر اعظم نے 34 اور سعد بیگ نے 35 رنز بنائے تاہم حسن نواز اور عرفات منہاس نے ذمہ دارانہ بیٹنگ کرتے ہوئے ٹیم کو سنبھالا دیا حسن نواز نے 74 گیندوں پر 79 رنز کی عمدہ اننگز کھیلی، جس میں پانچ چوکے اور چار چھکے شامل تھے۔ عرفات منہاس نے 58 گیندوں پر 59 رنز بنائے جبکہ فہیم اشرف نے 26 گیندوں پر پانچ چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے تیز رفتار 39 رنز اسکور کیے۔ شاہین شاہ آفریدی 10 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔ انگلینڈ کی جانب سے سونی بیکر نے تین جبکہ گس اٹکنسن نے دو وکٹیں حاصل کیں 303 رنز کے ہدف کے تعاقب میں انگلینڈ نے ٹام بینٹن اور بین ڈکٹ کی بدولت 91 رنز کا عمدہ آغاز کیا بین ڈکٹ 45 جبکہ ٹام بینٹن 57 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔

بقیہ نمبر 44

وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے شنگھائی تعاون تنظیم کی پاکستان صدارت کا ویژن پیش کیا، شنگھائی تعاون تنظیم باہمی اعتماد اور تنوع کے احترام کے اصولوں پر قائم ہے، خطے میں رابطوں کے فروغ کے لیے ایس سی او کے ساتھ مل کر کام کریں گے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ شنگھائی تعاون تنظیم کے ایجنڈے پر عمل درآمد کے لیے پرعزم ہیں، ایس سی او کا خطہ عالمی اقتصادی ترقی کا مرکز بننے کی صلاحیت رکھتا ہے، شنگھائی تعاون تنظیم نے تجارت، بنیادی ڈھانچے، ثقافت وجدت کے شعبوں تک اپنا دائرہ کار وسیع کیا ہے۔

بقیہ نمبر 45

میں بھارتی خفیہ ایجنسی را کے مبینہ ایجنٹ کی سزا کے خلاف اپیل پر سماعت ہوئی۔ عدالت نے فریقین کے وکلا کے دلائل مکمل ہونے پر فیصلہ محفوظ کر لیا۔ دوران سماعت پراسیکیوشن نے عدالت کو آگاہ کیا کہ انسداد دہشت گردی عدالت نے ملزم محمد سلیم کو 3 بار عمر قید کی سزا سنائی، ملزم پر پاکستان کے خلاف مسلح جارحیت، دھماکا خیز مواد اور دیگر الزامات ہیں۔ پراسیکیوشن نے بتایا کہ 7 اکتوبر 2024 کو ایس آئی یو کو منوڑا کے علاقے میں را ایجنٹ کی اطلاع ملی، موٹر سائیکل سوار ملزم کو روکا گیا اور تلاشی لی گئی، ملزم کے قبضے سے پستول، دھماکا خیز مواد، اوان بم اور راکٹ لانچر برآمد ہوئے۔ پراسیکیوشن نے مزید بتایا کہ ملزم کے قبضے سے 2 پاسپورٹ بھی برآمد ہوئے تھے، محمد سلیم نے پاکستانی شہریت غیر قانونی طریقوں سے حاصل کی۔ دوسری جانب وکیل صفائی نے اپیل کی کہ ملزم پر لگائے گئے تمام الزامات بے بنیاد ہیں جن کا کوئی ثبوت نہیں، ماتحت عدالت کی جانب سے دی گئی سزا کو کالعدم قرار دیا جائے۔

بقیہ نمبر 46

پرائز، کے لیے 3 حتمی امیدواروں میں شامل کرلیا گیا۔ اس اقدام کو عدالت کے حامیوں نے ایسے وقت میں بین الاقوامی قوانین پر مبنی نظام کی حمایت کا اظہار قرار دیا ہے جب یہ نظام کمزور پڑتا دکھائی دے رہا ہے۔ یورپی پارلیمنٹ نے نیدرلینڈز میں قائم عالمی فوجداری عدالت کو سخاروف پرائز کے 3 حتمی امیدواروں میں شامل کیا ہے۔

بقیہ نمبر 47

حملے پر احتجاج کرتے ہوئے جوبا میں تعینات سوڈانی سفیر کو طلب کرلیا۔ برطانوی خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق ابیئی کے قائم مقام وزیر اطلاعات یوہان اکول نگور نے حملے کا الزام سوڈانی فوج پر عائد کیا ہے۔

بقیہ نمبر 48

دائرہ بڑھانے کیلئے اقدامات کئے جا رہے ہیں، ٹیکس نیٹ کے دائرہ کار کو بڑھانا ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکس اصلاحات کے باعث جی ڈی پی کی شرح میں اضافہ ہوا ہے، معاشی اصلاحات سے شرح نمو بہتر ہوئی ہے، اصلاحات کے ذریعے سے معاشی استحکام کی جانب گامزن ہیں، پائیدار معاشی ترقی کا حصول حکومتی ترجیح ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ترسیلات زر میں تاریخی اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، پاکستان کی معاشی ترقی پائیدار اور برآمدات پر مبنی ہونی چاہیے، پاکستان کی معیشت منفی 0.3 فیصد شرح نمو سے بہتری کی جانب آئی ہے۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ زرمبادلہ کے ذخائر صرف دو ہفتوں کی درآمدات کیلئے کافی رہ گئے تھے، پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر تین ماہ سے زیادہ کی درآمدات کیلئے کافی ہیں، گزشتہ چار برس میں پاکستان کے بیرونی قرضوں میں چار ارب ڈالر کا اضافہ ہوا

بقیہ نمبر 49

جماعت اسلامی پاکستان پروفیسر ابراہیم خان، امیر جماعت اسلامی خیبر پختونخوا شمالی عنایت اللہ خان، امیر جماعت اسلامی خیبر پختونخوا وسطی عبدالواسع، امیر جماعت اسلامی ہزارہ عبدالرازق عباسی، جنرل سیکرٹری جماعت اسلامی خیبر پختونخوا وسطی صابر حسین اعوان، نائب امراء خیبر پختونخوا صہیب الدین کاکاخیل اور حاجی محمد اسلم موجود تھے۔ گورنر خیبر پختونخوا کو جماعت اسلامی کے موقف سے آگاہ کرتے ہوئے پروفیسر ابراہیم خان نے کہا کہ جماعت اسلامی خیبر پختونخوا میں امن و امان کی بحالی، دہشت گردی کے خاتمے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو ناگزیر سمجھتی ہے، لیکن اس کو بنیاد بنا کر منتخب صوبائی حکومت کو معطل کر کے صوبے میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کو یکسر مسترد کرتے ہوئے اسے غیر آئینی اور غیر جمہوری عمل قرار دیتی ہے۔ جماعت اسلامی ایک جمہوری سیاسی جماعت ہے، جو پُرامن سیاسی، آئینی اور جمہوری جدوجہد پر یقین رکھتی ہے۔ سیاست میں باہمی مکالمے، گفت و شنید اور میل جول کو ضروری سمجھتی ہے۔ گورنر خیبر پختونخوا جناب فیصل کریم کنڈی آج جماعت اسلامی خیبر پختونخوا کے ہیڈ کوارٹر، المرکز الاسلامی پشاور، تشریف لائے، جس پر انہیں خوش آمدید کہتے ہیں۔ جماعت اسلامی سمجھتی ہے کہ خیبر پختونخوا میں امن و امان کی ابتر صورتِ حال کے باوجود حالات اس نہج پر نہیں پہنچے تھے کہ آئین پاکستان کے آرٹیکلز 232 اور 234 کو استعمال کرتے ہوئے وفاقی حکومت خیبر پختونخوا کی منتخب اسمبلی کو معطل کر کے ایمرجنسی اور گورنر راج نافذ کرتی۔

بقیہ نمبر 50

صوبائی حکومت کا عارضی خاتمہ اور گورنر راج و ایمرجنسی کے نفاذ پر تبادلہ خیال ہوا۔ لیاقت بلوچ نے صنوبر انسٹی ٹیوٹ کے قومی سیمینار ڈائیلاگ سے خطاب اور صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نئے صوبوں اور نئے انتظامی یونٹس کے قیام پر بات کرنا اور مطالبہ کرنا آئین اور جمہوریت سے متصادم نہیں، اصل معاملہ آئین کی حدود اور سمت کو تسلیم نہ کرنا ہے۔ تمام اسٹیک ہولڈرز آئین کے پابند بنیں، عدلیہ کی آزادی کے اصول کو تسلیم کریں، بااعتماد انتخابات کے ذریعے عوامی مینڈیٹ کو تسلیم کرنے کا جمہوری ذہن پیدا کریں اور صوبوں کے حقوق، حق ملکیت کا آئینی اصول نہ توڑا جائے۔ لیاقت بلوچ نے میر سرفراز بگٹی سے اتفاق کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے معاملات الگ تو ہیں لیکن قومی سیاسی جمہوری قیادت بلوچستان سے اپنے آپ کو لاتعلق نہ رکھے

بقیہ نمبر 51

خریداری کی درخواست نیپرا میں جمع کرا دی، اگلا سال بھی بجلی صارفین پر بھاری ہی رہے گا۔ سی پی پی اے کی درخواست کے مطابق سال 2027 میں 3 ہزار 439 ارب بجلی کی خریداری کی قیمت ہوگی جس میں 19 سو 14 ارب روپے کیپسٹی پیمنٹس کی مد میں ادا کئے جائیں گے، باقی سال 2027 میں بجلی کی فیول کاسٹ کا 12 سو ارب روپے سے زائد کا تخمینہ ہے۔ اس کے علاوہ آپریشن اینڈ مینٹیننس کاسٹ 70 ارب روپے سے زائد اور 248 ارب سے زائد ٹرانسمشن چارجز کی مد میں ادا کیے جائیں گے۔ درخواست میں کیم جنوری 2027 سے بجلی کا نیا ٹیرف 27 روپے 30 پیسے فی یونٹ ہونے کا امکان ہے، آئیڈیل کیس میں پاور پرچیز کا فی یونٹ 25 روپے 88 پیسے کی دوسری تجویز ہے، سی پی پی اے نے چھ مختلف تجاویز نیپرا اتھارٹی کے پاس جمع کرائی ہیں، نیپرا اتھارٹی اوسط قیمت کا تعین کرے گی۔ نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) 2 نومبر کو درخواست پر سماعت کرے گی۔

بقیہ نمبر 52

دارالحکومت ریاض کی طرف داغا گیا ایک بیلسٹک میزائل فضا میں ہی روک کر تباہ کر دیا۔ دوسری جانب سعودی قیادت میں قائم عسکری اتحاد نے حوثیوں کو اسلحہ، میزائل اور فوجی سازوسامان کی سمندری راستوں سے اسمگلنگ کے حوالے سے خبردار کیا ہے۔ برطانوی نشریاتی ادارے بی بی سی کے مطابق سعودی قیادت میں قائم عسکری اتحاد کے ترجمان میجر جنرل ترکی المالکی نے بتایا کہ حوثیوں کی جانب سے داغا گیا بیلسٹک میزائل ریاض کی طرف آ رہا تھا، جسے فضائی دفاعی نظام نے تباہ کر دیا۔ اس سے قبل خبر رساں ادارے اے ایف پی کے نے بتایا تھا کہ ریاض میں دو دھماکوں کی آوازیں سننے کی اطلاع ملی۔ سعودی عرب کے ادارے ※ شہری دفاع نے خطرے سے متعلق انتباہ جاری کرنے کے چند منٹ بعد اعلان کیا کہ خطرہ ٹل گیا ہے۔ دوسری جانب سعودی عرب کی قیادت میں قائم عسکری اتحاد نے حوثی تحریک کو خبردار کیا ہے کہ وہ اسلحہ، میزائل اور فوجی سازوسامان کی اسمگلنگ کے لیے روایتی بحری ذرائع استعمال کرنے سے گریز کرے۔ اتحاد کے مطابق اس نوعیت کی سرگرمیاں یمن کی سلامتی کے علاوہ علاقائی اور بین الاقوامی امن وسلامتی کے لیے بھی خطرہ ہیں اور شہریوں کی جانوں اور تحفظ کو متاثر کر سکتی ہیں۔ عسکری اتحاد کی قیادت نے تمام بحری جہازوں کے مالکان سے اپیل کی ہے کہ وہ سمندری راستوں کے ذریعے یمن کے ساحلوں تک اسلحہ، میزائل اور فوجی ساز و سامان پہنچانے میں حوثیوں کے ساتھ کسی قسم کا تعاون نہ کریں۔ اتحاد کا کہنا ہے کہ اس اقدام کا مقصد شہریوں کی جانوں اور املاک کا تحفظ یقینی بنانا ہے۔ سعودی قیادت میں قائم عسکری اتحاد نے ایسی ویڈیوز بھی جاری کی ہیں جن کے بارے میں اس کا دعویٰ ہے کہ ان میں حوثیوں کو اسلحہ پہنچانے میں ملوث کشتیوں کو نشانہ بناتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔ اتحاد کے مطابق اسلحے کی اسمگلنگ کی کوششوں میں مبینہ طور پر منظم جرائم پیشہ گروہ بھی ملوث ہیں۔ تاہم فراہم کردہ رپورٹ میں ان دعوؤں کی آزادانہ تصدیق یا متعلقہ کشتیوں اور گروہوں کی شناخت کی تفصیلات شامل نہیں ہیں۔ یمن میں حوثی تحریک اور بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ حکومت کے درمیان تنازع کے باعث ملک میں طویل عرصے سے عدم استحکام برقرار ہے۔ سعودی عرب کی قیادت میں قائم عسکری اتحاد یمن کی تسلیم شدہ حکومت کی حمایت کرتا ہے، جبکہ حوثیوں کو اسلحے کی فراہمی اور بحری اسمگلنگ کا معاملہ علاقائی سلامتی کے اہم مسائل میں شامل ہے

بقیہ نمبر 53

تھی، معلومات کے مطابق وزیر اعلی کے پی ڈرافٹ کی منظوری افغانستان سے لے رہے تھے۔ طارق فضل کا کہنا تھا کہ محمود اچکزئی کے حوالے سے خبریں میڈیا پر آئیں، محمود اچکزئی نے کہا عمران خان سے ملاقات کے بغیر ایک قدم آگے نہیں بڑھا جا سکتا، مذاکرات میں ملاقات کا ٹائم فریم اور ایک مستند حل موجود تھا، چیزیں اس وقت حل ہو جاتیں تو شاید معاملات اب مختلف ہوتے۔ انہوں نے مزید کہا کہ تحریک انصاف اسمبلیوں سے استعفے دیتی ہے تو 40 ارکان استعفے نہیں دیں گے۔ وفاقی وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چودھری نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کے خاتمے اور امن کے قیام کے لیے ایمرجنسی جیسے اقدامات کیے گئے، دہشت گردی کے خلاف جنگ آخری دہشت گرد کے خاتمے تک جاری رہے گی۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے طارق فضل چودھری نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا کی صورتحال سب کے سامنے ہے، اکتوبر کو صدارتی فرمان کے ذریعے خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی لگائی گئی، پارلیمنٹ سے جس کی توثیق کرائی گئی۔ انہوں نے کہا کہ گورنر خیبر پختونخوا کی سربراہی میں 11 رکنی مشاورتی کونسل کام کر رہی ہے

بقیہ نمبر 54

ہے، جس کے تحت اب 15 اکتوبر کے بجائے 23 اکتوبر 2026 سے نئے پاسپورٹس کے درخواست دہندگان کو صرف ای پاسپورٹس جاری کیے جائیں گے۔ ڈائریکٹوریٹ جنرل آف امیگریشن اینڈ پاسپورٹس کے مطابق نئی پالیسی کے تحت 23 اکتوبر 2026 سے پاکستان بھر کے تمام پاسپورٹ دفاتر اور بیرونِ ملک قائم پاکستانی سفارتی مشنز میں نئے پاسپورٹ کے لیے درخواست دینے والے شہریوں کو صرف اور صرف ای پاسپورٹ جاری کیے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 55

خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے خبر رساں ادارے اے ایف پی کے مطابق بتایا کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر کے ساتھ ہونے والی بات چیت میں مذاکرات سے متعلق امور زیر بحث آئیں گے، لیکن توجہ زیادہ تر دوطرفہ تعلقات، روابط اور تعاون کو فروغ دینے پر مرکوز رہے گی۔ یہ دورہ ایسے وقت میں ہو رہا ہے جب ایران اور امریکا کے درمیان سفارتی کوششیں تعطل کا شکار ہیں۔ دونوں ممالک کے درمیان اختلافات میں آبنائے ہرمز کا مستقبل بھی شامل ہے، جو عالمی تجارت اور تیل کی ترسیل کے لیے ایک اہم سمندری راستہ ہے

بقیہ نمبر 56

اس موقع پر کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) کے سینئر حکام نے اسپیکر قومی اسمبلی کو منصوبے پر ہونے والی پیش رفت اور باقی ماندہ کام کی تکمیل کے حوالے سے بریفنگ دی۔ اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق اور ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی سید غلام مصطفیٰ شاہ نے سوئٹس میں فنشنگ، فرنیچر، تزئین و آرائش کے معیار کا تفصیلی معائنہ کیا۔ 2011ء میں شروع ہونے والا یہ منصوبہ 2013ء میں مکمل ہونا تھا، تاہم تقریباً ایک دہائی تک تعطل کا شکار رہا۔ اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی جانب سے منصوبے کی پیش رفت پر مسلسل توجہ کے باعث تعمیراتی کام میں تیزی آئی، جس کے نتیجے میں طویل عرصے سے زیر التوا 104 فیملی سوئٹس کا منصوبہ اب تکمیل کے آخری مراحل میں پہنچ چکا ہے۔ اس موقع پر سیکرٹری قومی اسمبلی، اسپیشل سیکرٹری (پارلیمانی سفارت کاری و پروٹوکول)، قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کے دیگر اعلیٰ افسران اور سی ڈی اے کے سینئر حکام بھی موجود تھے

بقیہ نمبر 57

ہماری پارلیمنٹ کی عمارت میں کھلے عام سگریٹ نوشی کی جاتی ہے، سگریٹ نوشی کے باعث دیگر ارکان پارلیمنٹ بھی اس سے متاثر ہوتے ہیں، اس میں سگریٹ نہ پینے والوں کا کیا قصور ہے۔ اجلاس میں نعیمہ کشور نے بھی اعتراض اٹھاتے ہوئے کہا کہ سگریٹ نوشی کی وجہ سے خواتین کو نماز کی ادائیگی میں مشکلات ہوتی ہیں، نماز ادا کرتے وقت سانس لینا دشوار ہوتا ہے۔ ارکان کی شکایت پر اسپیکر ایاز صادق کا کہنا تھا کہ پبلک مقامات پر سگریٹ نوشی پر پابندی پہلے ہی عائد ہے

اسلام آباد، وزیر مملکت ڈاکٹر مختار ہیلتھ سروسز اکیڈمی میں سکول آف نرسنگ اینڈ مڈوائفری کا افتتاح کر رہے ہے

کہوٹہ، روٹی 18 اور نان 30 روپے کا ہو گیا

پرائس کنٹرول مجسٹریٹس سرکاری نرخوں پر عمل درآمد یقینی بنائیں، عوامی مطالبہ

کہوٹہ (نمائندہ شہرنامہ) کہوٹہ شہر اور گردونواح میں روٹی اور نان کی قیمتوں میں اچانک اضافہ کر دیا گیا ہے، جس کے بعد روٹی 15 سے بڑھا کر 18 روپے جبکہ سادہ نان 30 روپے میں فروخت ہونے لگا ہے۔ بنیادی خوراک کی قیمتوں میں غیر اعلانیہ اضافے کے باعث غریب اور دیہاڑی دار طبقے کی مشکلات میں شدید اضافہ ہوگیا ہے۔ نان بائیوں کا مؤقف ہے کہ اوپن مارکیٹ میں آٹے اور میدے کی قیمتیں بڑھنے کی وجہ سے پیداواری اخراجات میں کئی گنا اضافہ ہو چکا ہے، جس کے باعث وہ پرانے نرخوں پر نان و روٹی فراہم کرنے سے قاصر ہیں اور قیمتوں میں اضافہ ناگزیر ہو گیا تھا دوسری جانب شہریوں نے اشیائے خورونوش کی من مانی قیمتوں پر شدید احتجاج (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

نیشنل پریس کلب: ممبران کے عزیزوں کے ایصالِ ثواب کیلئے دعائیہ تقریب

جڑواں شہروں سے تعلق رکھنے والے صحافیوں کی بڑی تعداد میں شرکت

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں کلب کے رکن دوریز کیانی کی والدہ اور محمد طارق نصیر کی ساس کے ایصالِ ثواب کے لیے دعائیہ تقریب منعقد ہوئی، جس میں نیشنل پریس کلب کی قیادت، سینئر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

سید ظفر عباس شاہ المعروف پیر سید سہیل بخاری چیئرمین ایشین ایوارڈز کمیٹی وسیکرٹری جنرل ایشین کلچرل ایسوسی ایشن کی صاحبزادی ڈاکٹر سیدہ حورالعین بخاری کی رسم نکاح ہمراہ ہاشم زمان سے بخیروخوبی انجام پائی - اس موقع پر عزیز اقارب کا۔ دولہا دلہن کے ہمراہ گروپ فوٹو

ہیلتھ سروسز اکیڈمی کے زیر اہتمام صحتِ عامہ کی عالمی کانفرنس کا انعقاد

وائس چانسلر ہیلتھ سروسز اکیڈمی پروفیسر ڈاکٹر شہزاد علی خان سمیت دیگر ماہرین اور متعلقہ اداروں کے نمائندے شریک ہوئے

کانفرنس کا مقصد صحتِ عامہ کے چیلنجز سے نمٹنے اور عوام کو معیاری طبی خدمات کی فراہمی کے لیے جدید طریقہ کار پر تبادلہ خیال کرنا تھا

حکومتی اداروں، تعلیمی و تحقیقی مراکز، طبی ماہرین اور بین الاقوامی تنظیموں کے درمیان رابطہ کاری اور مشترکہ کوششیں ناگزیر، مقررین

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) ہیلتھ سروسز اکیڈمی کے زیر اہتمام ''بہتر طبی نتائج کے لیے ڈیجیٹل صحت میں جدت'' کے موضوع پر صحتِ عامہ کی 16 ویں سالانہ بین الاقوامی کانفرنس 2026ء کا انعقاد کیا گیا، جس میں وفاقی وصوبائی وزراء، اراکین پارلیمنٹ، اعلیٰ سرکاری حکام، طبی ماہرین، جامعات کے سربراہان، بین الاقوامی اداروں کے نمائندوں اور صحت کے شعبے سے وابستہ ماہرین نے شرکت کی۔ کانفرنس کا مقصد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

اڈیالہ، واٹر سپلائی ٹینکر نے نوجوان لڑکی کی جان لے لی

ٹینکر کی ٹکر سے بھائی زخمی ہوگیا، ڈرائیور موقع سے فرار ہوگیا

اڈیالہ (نامہ نگار) واٹر سپلائی ٹینکر نے نوجوان لڑکی کی جان لے لی۔ ٹینکر کی ٹکر سے بھائی زخمی ہوگیا۔ ڈرائیور موقع سے فرار ہوگیا۔ پولیس موقع پر پہنچ گئی ریسکیو 1122 نے نعش اپنی تحویل میں لے لی۔ تفتیش شروع۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی ثمر زار گرڈ اسٹیشن اڈیالہ روڈ کے قریب ٹینکر کی موٹر سائیکل کو ٹکر جواں سالہ لڑکی موقع پر جاں بحق بھائی زخمی، ٹینکر ڈرائیور گاڑی چھوڑ کر فرار ہوگیا۔ پولیس اور ریسکیو 1122 نے موقع پر پہنچ کر لاش اپنی تحویل میں لے کر تفتیش شروع کر دی

اسلام آباد این سی سی آئی کے چھاپے 200 غیر ملکی باشندے گرفتار

آئی نائن سے گرفتار غیر ملکیوں سے حاصل معلومات کی بنیاد پر چھاپے مارے گئے، ذرائع

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) نیشنل کرائم انوسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی) اسلام آباد نے آئی نائن سمیت مختلف علاقوں میں چھاپے مارے فیکٹری ایریا میں کال سینٹر پر بھی کارروائی کی گئی اور اس دوران 200 غیر ملکی گرفتار کر لیے گئے۔ ذرائع نے بتایا کہ این سی سی آئی اے اسلام آباد نے فیکٹری ایریا میں کال سینٹر پر چھاپہ مارا، انڈسٹریل ایریا میں چھاپے کے دوران 200 سے کے قریب غیر ملکی گرفتار کر لیے گئے۔ ذرائع کا کہنا تھا کہ این سی آئی اے کے ان غیر ملکیوں کے لیے اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں درجنوں چھاپے مارے۔ ذرائع نے بتایا کہ آئی نائن سے گرفتار غیر ملکیوں سے حاصل معلومات کی بنیاد پر چھاپے مارے گئے۔

مری، مہران کار روڈ پر الٹ گئی، پانچ افراد زخمی

مری (بیورو رپورٹ) ایکسپریس وے مری فاروق ہسپتال سنگلھیتر کے قریب ٹریفک حادثہ، سوزوکی مہران روڈ پر الٹ گئی جس کے نتیجے میں پانچ افراد زخمی ہوگئے، حادثہ کی اطلاع ملتے پنجاب ایمرجنسی سروس ریسکیو 1122 مری کی امدادی ٹیم ایمبولینس کے ہمراہ موقع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

اسلام آباد میں ہاکی کے فروغ کے لیے اسپورٹس گالا کا انعقاد

مختلف کھیلوں کے مقابلے منعقد ہوئے، جن میں طلبہ نے بھرپور حصہ لیا

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) ڈی جی فیڈرل ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن (ایف ڈی ای) جاوید اقبال مرزا کی سرپرستی میں زونل اسپورٹس گالا فیسٹیول کا انعقاد کیا گیا، جس کی افتتاحی تقریب سیکٹر ایف سیون ٹو کے اسکول میں منعقد ہوئی۔ ڈی جی ایف ڈی ای نے فیتہ کاٹ کر فیسٹیول کا افتتاح کیا۔ تقریب میں پرنسپل ایف سیون ٹو عمارہ وسیم نیازی، پاکستان ہاکی فیڈریشن کے کانگریس ممبر مرزا نوید احمد، اسلام آباد ہاکی ایسوسی ایشن کے فنانس سیکرٹری سید سلیم رضا، ڈائریکٹر اسپورٹس عاصمہ احمد، ڈپٹی ڈائریکٹر امجد اور دیگر عہدیداران نے شرکت کی۔ فیسٹیول میں مختلف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

آئی سی سی گلزار قائد کیمپس فری ایم ڈی کیٹ اور ای کیٹ کلاسز 31 اکتوبر سے شروع ہونگی

اسلام آباد (پ ر) آئی سی سی گلزار قائد راولپنڈی میں فرسٹ ایئر کی فری ایم ڈی کیٹ اور ای کیٹ کلاسز 31 اکتوبر سے شروع کریں گے۔ یہ فیصلہ ڈائریکٹر جنرل کیریئر گروپ آف انسٹیٹیوشنز پروفیسر محمد عامر نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

چیئرمین سی ڈی اے کی سرمایہ کاروں اور ڈویلپرز کیساتھ اہم ملاقات

ایس سی او سربراہی اجلاس 2027 کی کامیاب میزبانی اور رئیل اسٹیٹ کے فروغ پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف نے سی ڈی اے ہیڈکوارٹرز میں سرمایہ کاروں، ڈویلپرز اور شعبہ میزبانی سے وابستہ نمائندوں کے ساتھ اہم ملاقات کی۔ ملاقات میں اسلام آباد میں شعبہ میزبانی اور رئیل اسٹیٹ کے فروغ سمیت اگست 2027 میں اسلام آباد میں منعقد ہونے والے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

OIC سائبر سیکورٹی وزراء کونسل کی منظوری، ریاض میزبانی کریگا

ریاض (صباح نیوز) اسلامی تعاون تنظیم کے رکن ممالک کی کونسل آف فارن منسٹرز نے اپنے 52 ویں اجلاس کے دوران سعودی عرب کی جانب سے پیش کردہ تجاویز کی بنیاد پر تنظیم کے ملکوں کے لیے سائبر سیکیورٹی وزرا کونسل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

بارانی زرعی یونیورسٹی اور مالدیپ نیشنل یونیورسٹی میں معاہدہ

اساتذہ کی استعداد کار میں اضافے اور مشترکہ تعلیمی اقدامات کو فروغ ملے گا، ڈاکٹر قمر الزمان

راولپنڈی (پ ر) پیر مہر علی شاہ بارانی زرعی یونیورسٹی راولپنڈی اور مالدیپ نیشنل یونیورسٹی کے مابین ہائر ایجوکیشن کمیشن (ایچ ای سی) اسلام آباد میں مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے گئے، جس کا مقصد تعلیمی تعاون کا فروغ، زرعی تعلیم میں وسعت اور پاکستان و مالدیپ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

وی سی بارانی یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر قمر الزمان اور مادیپ نیشنل یونیورسٹی کی وی سی دستاویزات کا تبادلہ کر رہے ہے

آزاد کشمیر 136 روز سے بندش کا شکار سم انٹرنیٹ سروس بحال

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) آزاد کشمیر میں 136 روز سے بندش کا شکار سم انٹرنیٹ سروس بحال کر دی گئی، عوامی رابطے بھی بحال، تاحال بعض علاقوں میں بھی بندسم نیٹ سروس جلد کھلنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

پاکستان اور لتھوانیا کا تعاون بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان اور لتھوانیا کے درمیان دوطرفہ سیاسی مشاورت کا آٹھواں دور ورچوئل منعقد ہوا، جس میں دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید وسعت دینے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

حافظ نعیم الرحمن کی زیر صدارت خیبر پختونخوا کی صورتحال پر اہم اجلاس

صوبہ میں گورنر راج، ایمرجنسی اقدامات، امن عامہ کے مسائل پر طویل غور و غوض

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن کی زیر صدارت خیبر پختونخواہ میں گورنر راج، بعض اضلاع میں ہنگامی صورتحال کے نفاذ اور صوبہ میں امن عامہ کی مجموعی صورتحال پر وفاقی دارالحکومت میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان و امیر کے پی جنوبی پروفیسر محمد ابراہیم خان، امیر کے پی شمالی عنایت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

اسلام آباد، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مانسہرہ، تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن کی تیاریاں

متعلقہ حکام کے درمیان مشاورتی عمل جاری، آپریشن جلد شروع ہونیکا امکان، زرائع

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) ناجائز تجاوزات کے خلاف انتظامیہ متحرک، مانسہرہ کے بعد شنکیاری میں بھی تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن کی تیاریاں، متعلقہ حکام کے درمیان مشاورتی عمل جاری، آپریشن جلد شروع ہونے کا امکان، زرائع، تفصیلات کے مطابق مانسہرہ کے مختلف بازاروں اور روشوں ہر ناجائز تجاوزات کے خلاف جاری آپریشن کے ساتھ ساتھ شنکیاری شہر مختلف بازاروں میں بھی ناجائز تجاوزات کے خلاف متعلقہ حکام و انتظامیہ کی طرف سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

سرکاری نرخ ناموں پر عملدرآمد کیلئے پرائس چیکنگ مہم جاری

گوجرخان (بیورو رپورٹ) پیرا فورس کی جانب سے مہنگائی کی روک تھام اور سرکاری نرخ ناموں پر عملدرآمد یقینی بنانے کے لیے پرائس چیکنگ مہم جاری ہے، جس کے دوران سبزی منڈی میں پھلوں اور سبزیوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

پاک امریکا معدنیات کے شعبے میں اقتصادی تعاون پر اتفاق

کیپٹل آفس کو مرکزی رابطہ اور سہولت کاری مرکز کے طور پر فعال کرنے کی تجویز

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایف پی سی سی آئی نے پاک امریکا معدنیات اور کان کنی کے شعبے میں اقتصادی تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا ہے۔ صدر ایف پی سی سی آئی عاطف اکرام شیخ کی قیادت میں اعلیٰ سطح کے وفد نے امریکی سفارت خانے کے حکام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

ڈاکٹر نجیب نقی کے اعزاز میں عشائیے کا اہتمام

اہم رہنماؤں کی شرکت، باہمی روابط کے فروغ اور کشمیر کی صورتحال بارے گفتگو

راولپنڈی (پ ر) صدر منتخب ہونے پر ڈاکٹر نجیب نقی کے اعزاز میں سید اسد شاہ گیلانی کی جانب سے عشائیے کا اہتمام کیا گیا، جس میں سابق تحصیل ناظم حامد نواز راجہ، سیاسی و سماجی شخصیت سردار عرفان اور وائس چیئرمین قومی اتحاد پارٹی آزاد جموں و کشمیر محمد بشیر راجہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

Ambassador of Federal Republic of Germany to Pakistan

اسلام آباد، پاکستان میں جرمن سفیر ملتان چیمبر آف کامرس میں تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

انجمن اتحاد ترقی و میوات کے نومنتخب عہدیداران کا اجلاس

تنظیم کی بہتری اور مضبوطی کیلئے 5 کمیٹیاں تشکیل، ناصر محمود مصالحتی کمیٹی کے کنوینئر مقرر

لاہور (پ ر) انجمن اتحاد ترقی میوات پاکستان (رجسٹرڈ) کے نومنتخب عہدے داروں کا پہلا اہم اجلاس مرکزی صدر راؤ سرفراز علی میو، کی زیر صدارت منعقد ہوا اجلاس میں سرپرست اعلیٰ پروفیسر اسحاق میو نے خصوصی شرکت کی اجلاس میں جنرل سیکرٹری حاجی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

ایئر یونیورسٹی میں عالمی کانفرنس و AI ٹیک ایکسپو کا انعقاد

جدید دور میں AI کی بڑھتی اہمیت کے پیش نظر تجزیاتی مہارتوں، مسئلہ حل کرنے کی صلاحیت کے حامل گریجویٹس کی تیاری کی طرف توجہ مرکوز

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) ایئر یونیورسٹی اسلام آباد کے شعبۂ شماریات و ڈیٹا اینالیٹیکل سائنسز (SDAS) کے زیرِ اہتمام شماریات اور ڈیٹا اینالیٹیکل سائنسز میں جدید رجحانات کے موضوع پر تیسری بین الاقوامی کانفرنس اور اے آئی ٹیک ایکسپو کا دو روزہ کامیاب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

AIR UNIVERSITY
3rd International Conference on Recent Trends in Statistics, Data Analytical Sciences and AI Tech Expo 2026

اسلام آباد، ایئر یونیورسٹی میں عالمی کانفرنس و AI ٹیک ایکسپو کے شرکاء کا گروپ فوٹو

سائبر سیکیورٹی کو مضبوط بنانے کیلئے جدید سیکیورٹی آپریشنز سینٹر قائم

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) سائبر سیکیورٹی کو مضبوط بنانے کے لیے جدید سیکیورٹی آپریشنز سینٹر قائم کر دیا گیا۔ چیئرمین نادرا لیفٹیننٹ جنرل محمد منیر افسر نے سیکیورٹی آپریشنز سینٹر کا افتتاح کیا۔ معلوماتی اثاثوں کی حفاظت اور سائبر خطرات کی بروقت نشاندہی ممکن ہو گی۔ افتتاحی تقریب میں چیئرمین ڈاکٹر کبیر احمد سدھو اور کمشنرز نے شرکت کی۔ سیکیورٹی آپریشنز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

تجاوزات و نو پارکنگ کیخلاف ٹریفک پولیس کا کریک ڈاؤن

متعدد خلاف ورزی کرنے والوں کو حراست میں لے کر تھانہ سٹی منتقل کر دیا گیا

مردان (پ ر) نو پارکنگ اور ناجائز تجاوزات کے خلاف ٹریفک وارڈن پولیس کا کریک ڈاؤن، متعدد افراد کے خلاف کارروائی تفصیلات: افسرانِ بالا کی ہدایات پر ٹریفک وارڈن پولیس مردان نے چارسدہ چوک، سبزی منڈی، نیو اڈہ، خلیل پلازہ اور منگل باغ چوک کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

اسلام آباد پولیس ان ایکشن، ایک دن میں 65 ملزمان گرفتار

چھینے گئے 19 قیمتی فونز، زیورات، نقدی، موٹر سائیکلیں و اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) اسلام آباد پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران بلاامتیاز کارروائیاں۔ راہزنی، موٹر سائیکل چوری اور گھریلو چوری میں ملوث تین گروہوں کے پانچ ارکان سمیت 65 ملزمان گرفتار۔ چھینے گئے 19 قیمتی موبائل فونز، طلائی زیورات، نقدی، نو مسروقہ موٹر سائیکلیں اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

عظمیٰ بخاری نے معین قریشی کے خلاف ہتک عزت کا کیس جیت لیا

30 لاکھ روپے ہرجانہ ادا کرنے کا حکم

عظمیٰ بخاری نے الزامات کو ہتک عزت قرار دیکر قانونی چارہ جوئی کی، ڈیفمیشن ٹریبیونل دائر دعوے کا فیصلہ سنا دیا

الزام لگانے کیلئے ٹھوس شواہد ضروری ہیں، اپوزیشن لیڈر نے جھوٹے الزامات عائد کیے جنہیں وہ ثابت نہیں کر سکے، وکیل

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے اپوزیشن لیڈر پنجاب اسمبلی معین قریشی کے خلاف ہتک عزت کا کیس جیت لیا۔ لاہور کے ڈیفیمیشن ٹریبونل نے عظمیٰ بخاری کے حق میں فیصلہ سناتے ہوئے اپوزیشن لیڈر پنجاب معین ریاض قریشی کو 30 لاکھ روپے ہرجانہ عظمیٰ بخاری کو ادا کرنے کا حکم دے دیا۔ عظمیٰ بخاری کے وکیل علی بخاری کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

عالمی مارکیٹ میں خام تیل کی قیمتیں 5 ماہ کی بلند ترین سطح پر

نیویارک، ریاض (صباح نیوز): سعودی عرب کی توانائی تنصیبات پر حوثی باغیوں کے حملوں اور خلیج میں بحری جہازوں پر بڑھتے ہوئے حملوں کے باعث عالمی مارکیٹ میں خام تیل کی قیمتیں منگل کے روز مزید بڑھ گئیں، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

ہمیشہ محنت کشوں کی فلاح و بہبود، کیلئے تاریخی اقدامات کیے ہیں، یٰسین

مزدور یونین کی جنرل باڈی کا اجلاس، پلاٹوں کی الاٹمنٹ، سمیت انٹرنل الیکشن کی منظوری

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) سی ڈی اے مزدور یونین کی جنرل باڈی کا اہم اجلاس مرکزی چیئرمین آفس کمپلیکس میں اورنگزیب خان کی زیرِ صدارت منعقد ہوا جس میں ملازمین کو درپیش مسائل، پلاٹوں کی الاٹمنٹ، مختلف شعبہ جات کی نجکاری، زیر التواء ترقیوں، چارٹر آف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم کی کھلی کچہری

شہریوں کی شکایات کے فوری ازالے کے احکامات جاری

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد علی وسیم نے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جس میں شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے شہریوں کے مسائل اور شکایات تفصیل سے سنیں اور ان کے فوری حل کے لیے متعلقہ افسران کو موقع پر ہی ضروری احکامات جاری کیے۔ ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم نے کہا کہ شہریوں کے مسائل کا فوری اور میرٹ پر حل اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ شہری بلا کسی سفارش براہِ راست کھلی کچہری میں شرکت کر کے اپنے مسائل پیش کر سکتے ہیں۔ شہریوں کی سہولت اور شکایات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

مری، قانون دان ایس مدنی اپنی دعوت ولیمہ کے موقع پر عزیز و اقارب کے ہمراہ گروپ فوٹو

مری کی معروف شخصیت راجہ نسیم صابر عباسی انتقال کر گئے

مری (نمائندہ خصوصی) مری کی معروف سیاسی، سماجی و کاروباری شخصیت راجہ نسیم صابر عباسی قضائے الٰہی سے انتقال کر گئے، مرحوم کو ہزاروں سوگواروں کی موجودگی میں انکے آبائی علاقہ سندھیاں سنی بنک مری میں سپرد خاک کر دیا گیا، نماز جنازہ میں مذہبی، سیاسی، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

معروف قانون دان اویس مدنی ایڈووکیٹ رشتہ ازدواج میں منسلک

مری (بیورو رپورٹ) معروف قانون دان اویس مدنی ایڈووکیٹ رشتہ ازدواج میں منسلک ہو گئے ان کی دعوت ولیمہ کی پروقار تقریب منعقد ہوئی جس میں پرنسپل ایف جی پبلک سکول مری تعارف عباسی، ڈسٹرکٹ بار مری کے صدر عمران عباسی ایڈووکیٹ، معروف کاروباری شخصیت و سینئر صحافی خالد محمود عباسی، وحید عباسی، حاجی ارشد، عمر زمان عباسی کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

ڈی سی مری کی زیر صدارت اجلاس غیر قانونی تعمیرات کیخلاف آپریشن کا جائزہ

متعلقہ قوانین پر عمل درآمد یقینی بنانے کے امور پر غور، افسران کو قواعد پر عملدرآمد کی ہدایت

مری (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی زیر صدارت اجلاس، غیر قانونی تعمیرات کے خلاف آپریشن کا جائزہ، اس حوالے سے ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی زیرِ صدارت میونسپل کارپوریشن مری کے افسران کا اجلاس منعقد ہوا جس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

جاتلی پولیس کی اعلیٰ کارکردگی، خاتون بازیاب

شہریوں نے فیصل اعوان اور ان کی ٹیم کو خراجِ تحسین پیش کیا

گوجرخان (بیورو رپورٹ) پولیس سرکل گوجرخان تھانہ جاتلی کی اعلیٰ کارکردگی، 6 سال سے اغواء خاتون کو بازیاب کرا کر عدالت میں پیش کر دیا، اہل علاقہ کی جانب سے ایس ایچ او تھانہ جاتلی اور انکی ٹیم کو خراج تحسین پیش کیا جا رہا ہے، تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او تھانہ جاتلی کی زیرِ نگرانی انچارج پولیس چوکی دولتالہ فیصل اعوان اور ان کی ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے اغوا کے ایک 6 سالہ پرانے مقدمہ نمبر A496 کو منطقی انجام تک پہنچایا، مغویہ م کو عدالت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

کہوٹہ ٹریفک پولیس کا گرینڈ آپریشن، درجنوں گاڑیوں کو بھاری جرمانے

سماجی حلقوں نے ڈی ایس پی زاہد ستی، ٹریفک انچارج راجہ کلیم اور ٹیم کی کارکردگی کو سراہا

کہوٹہ (نمائندہ شہرنامہ) ٹریفک پولیس کہوٹہ نے ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کے مرتکب عناصر کے خلاف بڑے پیمانے پر گرینڈ آپریشن کرتے ہوئے متعدد گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کو بھاری جرمانے عائد کر دیے۔ کارروائی کے دوران گاڑیوں سے غیر نمونہ نمبر پلیٹس، غیر قانونی لائٹس، پریشر ہارن اور شور کا باعث بننے والے غیر قانونی سائلنسرز موقع پر اتار کر ضبط کر لیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق ڈی ایس پی زاہد ستی اور انچارج ٹریفک پولیس کہوٹہ راجہ کلیم کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

SHEHAR NAMA Islamabad
شہرنامہ اسلام آباد
شکایات سیل
★ آپ کہیں کرپشن دیکھتے ہیں اسے ختم کرنا چاہتے ہیں
★ آپ بے گناہ ہیں اور آپ کو کسی جھوٹے مقدمے میں ملوث کیا جا رہا ہے۔
★ آپ کا کوئی جائز مسئلہ ہے لیکن اس کے لیے کوئی رشوت مانگتا ہے
★ آپ کا حق تلف کیا گیا
★ آپ کو کہیں خواہ مخواہ بلیک میل کیا جا رہا ہے
★ آپ کیساتھ کسی قسم کی زیادتی کی گئی ہے اور اسکا ازالہ چاہتے ہیں
★ آپ آگر قبضہ گروپ کی چیرہ دستی کا شکار ہیں
★ آپ کی رقم دھوکہ دہی سے لوٹ لی گئی ہے
★ آپ کسی سرکاری ادارے یا اہلکار کے ناجائز دباؤ کا شکار ہیں
★ یا آپ کے ساتھ آپ کی نظر میں کوئی پریشان کن یا نقصان دہ مسئلہ موجود ہے۔
تو ہم سے رابطہ کریں۔
سکندر اعظم
انچارج انویسٹی گیشن اینڈ شکایات
روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Email:sheharnama@gmail.com
0333-5196088 051-2240356

Safwan
Marquee & Event Lawn
سفوان
مارکی اینڈ ایونٹ لان
کی خدمات آپ کے لیے ہمہ وقت حاضر ہیں
آپکے دلوں کی دھڑکن آپکی خدمت میں پیش پیش
کارپوریٹ
کانفرنس/سیمینار
فیشن شو/گالہ ایونٹس
میرج ایونٹ
سالگرہ پارٹی
میوزیکل پروگرام
مہندی فنگشن
اسپیشل بکنگ آفر
مناسب پیکج پر بکنگ جاری ہے
ایڈوانس بکنگ جاری ہے
پارک روڈ بالمقابل ہاسٹل سٹی نزل کنگ حماد یونیورسٹی اسلام آباد
فون نمبر: 03320491234 , 03310491234 , 051-2321105-7

ایک مکمل ادارہ جو دوسری نسل سے خدمات دے رہا ہے
SPS
شاہین پرنٹرز
جنرل آرڈر سپلائر
شادی کارڈ
ارجنٹ اینڈ ہول سیل
پینا فلیکس ڈیجیٹل
اوریجنل انک ویرایبل پرنٹس
ایوارڈ شیلڈز، کی چین، پن پرنٹنگ، شرٹس پرنٹنگ، بیج اینڈ لوگو میکر، گرافکس ڈیزائننگ
وزیٹنگ کارڈ | لیٹر پیڈ | سائن بورڈ | ٹائی | فائل | بل بکس | سکول کاپی | پارٹی پرچم | اشتہارات | بروشرز | سکول ڈائری | سٹیکر
ہیڈ آفس عبداللہ مارکیٹ سرکلر روڈ راولپنڈی سب آفس ترامڑی چوک اسلام آباد
0333-5108083
0315-5108083